
ہر قسم کے روحانی وجسمانی مسائل کے حل پر مفصل منفرد و مستند کتاب

# سورة انعام سے مشکلات کا حل



# فہرست


| | |
|---|---|
| تعارف سورۃ انعام | 5 |
| فضائل سورۃ الانعام | 6 |
| دعوت سورۃ انعام کی زکوۃ | 6 |
| ختم سورہ انعام | 7 |
| روحانی ترقی کے لئے | 7 |
| قلب کی صفائی | 8 |
| مجرب عمل | 9 |
| یکسوئی کے لئے | 10 |
| خلائق میں مقبولیت | 11 |
| تسخیر خلائق | 12 |
| قرب الٰہی | 13 |
| حصول عبادت | 14 |
| برائی سے بچاؤ | 15 |
| جنت کا خواہشمند | 16 |
| گناہوں کی بخشش | 17 |
| قبولیت دعا | 18 |
| مشکل کشائی کے لئے | 19 |
| پریشانی کا حل | 20 |
| مہم میں کامیابی | 23 |
| مقدمہ میں کامیابی | 24 |
| قید سے رہائی | 25 |
| حفاظت سفر | 27 |
| درندوں سے حفاظت | 29 |
| بچھو سے حفاظت | 30 |
| ڈینگی مگر مچھر سے نجات | 31 |
| امن وسکون کے لئے | 32 |
| گمشدہ کی واپسی | 33 |
| مکان خالی کرانا | 34 |
| ظالم پولیس سے نجات | 35 |
| دشمن پر فتح یابی | 36 |
| مدمقابل پر غلبہ | 37 |
| شکست دشمن | 38 |
| زبان بندی | 39 |
| فتح ونصرت | 40 |
| حاجت روائی | 41 |
| مشکل سے نجات | 43 |
| حاجت برابری | 45 |
| کھیل میں کامیابی | 46 |
| نمایاں کامیابی | 47 |
| قرض سے نجات | 48 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مفلسی سے نجات | 49 | بیماری سے نجات | 73 |
| رزق کی فراوانی | 50 | صحت یابی کے لئے | 74 |
| رزق میں اضافہ | 51 | موذی مرض سے نجات | 75 |
| دکان میں برکت | 52 | جسمانی درد کے لئے | 76 |
| کاروبار کی ترقی | 53 | دردسر کے لئے | 77 |
| حصول روزگار | 54 | سر میں پانی بھر جانا | 78 |
| حصول ملازمت | 55 | تیز قوت حافظہ | 79 |
| پیداوار میں اضافہ | 56 | نسیان کا مرض | 80 |
| مرتبہ کے لئے | 57 | غم سے نجات | 81 |
| تسخیر حاکم کے لئے | 58 | خوشی ومسرت کے لئے | 82 |
| تسخیر محبت | 59 | پرانے بخار کے لئے | 83 |
| شوہر کی فرمانبرداری | 60 | بے خوابی سے نجات | 84 |
| نیک اولاد کے لئے | 61 | آشوب چشم | 85 |
| صلح وصفائی کے لئے | 62 | آنکھوں کا درد | 86 |
| شادی کی رکاوٹ | 64 | نزلہ زکام کے لئے | 87 |
| رشتہ میں رکاوٹ | 65 | دمہ سے نجات | 88 |
| بیماریوں سے نجات | 66 | درد کان کے لئے | 89 |
| آسیب سے نجات | 67 | دانت کی تکلیف | 90 |
| نظر بد کے لئے | 68 | درد داڑھ کے لئے | 91 |
| شیطانی شر سے نجات | 69 | فالج سے نجات | 92 |
| فحش گوئی سے نجات | 70 | خسرہ سے بچاؤ | 93 |
| بدزبانی سے نجات | 71 | ہارٹ اٹیک کے لئے | 94 |
| جادو سے نجات | 72 | سینے کی سوزش کے لئے | 95 |




# تعارف سورۃ انعام

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نام | سورۃ انعام | لغوی معنی | چوپائے | تعداد رکوع | ۲۰ | منزل | ۲ |
| پارہ | ۷،۸ | ترتیب سورۃ | ۶ | نزول سورۃ | ۵۵ | مقام نزول | مکہ |
| تعداد آیات | ۱۶۵ | تعداد کلمات | ۳۱۰۰ | تعداد حروف | ۱۲۹۳۵ | ...... | ...... |

تعداد سورۃ انعام کے اعداد ۹۳۶۱۱۵

نقش سورۃ انعام یہ ہے

| | | |
|---|---|---|
| ۳۱۲۰۳۵ | ۳۱۲۰۴۱ | ۳۱۲۰۳۹ |
| ۳۱۲۰۴۳ | ۳۱۲۰۳۸ | ۳۱۲۰۳۴ |
| ۳۱۲۰۳۷ | ۳۱۲۰۳۶ | ۳۱۲۰۴۲ |

نقش کی رفتار یہ ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲ | ۷ | ۶ |
| ۹ | ۵ | ۱ |
| ۴ | ۳ | ۸ |

مندرجہ بالا نقش آبی چال سے پر کیا گیا ہے کسر ایک کی وجہ سے خانہ ۷ میں ۲ کا اضافہ کر دیا گیا ہے اس نقش کو اس وقت لکھیں جب طالع میزان ہو، ساعت

مریخ کی ہو، دن منگل کا ہو، بخور میں قسط جلائیں، تعویذ لکھنے کے لئے سرخ رنگ کا کاغذ استعمال کریں۔

## فضائلِ سُورَۃُ الْاَنْعام

حاکم نے نقل کیا ہے کہ جب سورۂ انعام اتری تو حضرت محمد ﷺ نے خوشی کی وجہ سے سبحان اللہ کہا۔ پھر فرمایا کہ اس سورۃ کے ساتھ اتنے فرشتے آئے کہ آسمان کے کنارے کو ڈھانپ لیا۔ (حصن حصین)

حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ سورۂ انعام قرآن کی عمدہ چیزوں میں سے ہے (کنزالعمال) بیماریوں پر اس سورۃ کے پڑھنے سے صحت ہوتی ہے (اتقان)

## دعوت سورۃ انعام کی زکوٰۃ

عام طور سے زکوٰۃ ایک ہزار مرتبہ ۴۰ یوم میں معہ شرائط ادا کرے۔ اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو نیم خلوت سے تعداد ایک ہزار مرتبہ ۴۰ یوم میں پوری کرے۔

بعض کے لئے جو ترکیب اس کے ذیل میں بتائی گئی ہے اس طرح عمل کرے۔ بلا زکوٰۃ اجابت ہونا دشوار ہے۔

رات کو ڈھائی پاؤ چنے بریاں ثابت لے کر بیٹھے اور سورۃ انعام کی آیت۔

1 ایک ایک دانہ پر پڑھے ہر کام کے لئے مفید ہے اور فجر کو ان چنوں کی بریاں کو تقسیم کرے اور دوسری رات کو جب تک کام پورا نہ ہو آسمان کے نیچے ننگے سر کھڑے ہو کر 3 بار پڑھے۔



## دعوت سورہ انعام کی زکوۃ

سورہ انعام۔ پہلے ایک ہفتہ کو دس بار پڑھنا چاہئے اور آٹھویں دن تیرہ بار اور نویں دن سے سات مرتبہ یومیہ پڑھے اور ہر مرتبہ یہ نیچے لکھی دعا سات مرتبہ پڑھے۔

بَخرَیشِ بَرَیشِ مَطْمِیشِ مَطْمِیشِ مَشَاشِ مَشَاشِ قَلْمُوْشِ قَلْمُوْشِ اَنْطَاشِ اَنْطَاشِ اَنْهتِ اَنْهتِ مَخْلُوشِ مَخْلوشِ اَجبْ یَا رَیْحَانُ وَافعَلْ کَذَا وَ کَذَا وَبِحَقِّ الْاَخضَرِ وَبِحَقِّ الْاَخضَرِ عَلَیْهِمَا السَّلام

## ختم سورہ انعام

یہ مجرب ختم مجلسی اور دیگر علماء کبار سے منقول ہے کہ اس عمل کی ابتدا روز جمعہ بعد نماز صبح سے کرے اور قبل ختم غسل کرے اور صبح کے نافلہ و فریضہ و تسبیح کے بعد پانچ مرتبہ سورۂ انعام پڑھے اور کوشش کرے کہ غلط نہ پڑھے اور سورہ ختم ہونے پر بلا فاصلہ تیرہ مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

یَا مُفْتِحُ فَتِح یَا مُفرِجُ فَیرِج یَا مُسَبِّبُ سِبَبْ یَا مُیَسِّرِ یُسْرِیَا مُسَهِّلُ سَهِّلِ یَا مُدَبِّرُ وَ بَرِّیَا مُتِمِّمِ تَمِّمْ

## روحانی ترقی کے لئے

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کے ظاہری و باطنی علم میں اللہ کریم اپنی

رحمت کاملہ سے اضافہ فرمادیں اور وہ ظاہری و باطنی علوم میں ترقی حاصل کرتا جائے تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔ اس عمل کی بدولت اس کا سینہ تمام علوم کا خزینہ بن جائے گا۔

اس مقصد کے لئے اپنے مقصد کی نیت کر کے سات روز تک مسلسل سورۃ انعام سات مرتبہ اول و آخر درود شریف کشف اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی کو دم کرے اور صبح نہار منہ پی جائے اور اللہ تعالیٰ سے علم و حکمت کی عطائیگی کے لئے عاجزی و انکساری سے گڑگڑا کر دعا کرے۔ بفضل ایزدی اس عمل کی بدولت اس کا سینہ علم و حکمت کے خزینے سے بھرپور ہو جائے گا اور ہر بات جو بھی سنے گا یا پڑھے گا ازبر یاد رہے گی اور اس کی بدولت کسی بھی علمی میدان میں کسی بھی مناظرے یا مباحثے میں ناکامی کا منہ نہیں دیکھے گا اور ہر ایک اس کے علمی مرتبے کو دل سے تسلیم کرے گا۔

## قلب کی صفائی

صفائی قلب و نیز ہر جہت کے لئے مفید ہے۔ نوچندی اتوار سے اول دن ۷ بار دوسرے دن ۶ بار تیسرے دن ۵ بار ہفتہ کے دن ایک بار اور اتوار سے تعداد قرأت مقلوب کرے حتیٰ کہ ہفتہ کو ۷ بار پڑھے۔ اس کے بعد حاجت کے واسطے دو ہفتہ ۷ بار پڑھے اس میں کوئی شرط نہیں ہے لیکن جتنی پابندیاں و پرہیز کرے گا بہتر ہے۔ البتہ جگہ اور وقت کی پابندی لازم ہے۔



## مجرب عمل

درمیان نماز سنت فجر و فرض فجر مع بسم اللہ شریف ملا کر ۳ بار قبل طلوع آفتاب پڑھے۔ اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ نقش مثلث لوح تانبا پر ساعت شمس میں کندہ کر کے گلے میں ڈالے اور بخور جلائے۔ ہر کام کے لئے مجرب ہے۔ لیکن ظاہر ہو کر کندہ کرے۔

## حصول کشف

اللہ تعالیٰ کی رضا و خوشنودی حاصل کرنے کے لئے ہر روز بلاناغہ نماز عشاء کے بعد تین مرتبہ سورۃ انعام پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ بفضل باری تعالیٰ دعا قبولیت کی سند حاصل کریگی۔ اللہ تعالیٰ بندے پر اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے گا اس عمل پر ہمیشگی اختیار کرنے والے کو اللہ تعالیٰ اپنے حفظ وامان میں رکھتا ہے اور اس سے راضی رہتا ہے۔

## نور الٰہی

اگر کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کا باطن روشن ہو جائے اور اسے کھوٹے کھرے کی پہچان ہو جایا کرے تو اس مقصد کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز عصر روزانہ ایک مرتبہ سورۃ انعام، اول و آخر

درود شریف کشف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگے اور اپنے اوپر دل کے مقام پر پھونک لگائے۔

انشاءاللہ چالیس یوم بلاناغہ عمل سے مقصود حاصل ہوگا اور باطن نور الٰہی سے منور ہوجائے گا اور بفضل ایزدی کھوٹے کھرے شخص کی پہچان با آسانی ہوا کرے گی۔

## یکسوئی کے لئے

جو شخص کسی بھی کام میں یکسوئی اور توجہ سے محروم ہو یا عبادت و ریاضت کے وقت باوجودیکہ کوشش بسیار کے توجہ اور یکسوئی حاصل نہ کر سکے اور اس کے حصول کا خواہاں ہو تو ذیل کا عمل اس کے لئے بے حد کارآمد ہے۔ اس مقصد کے لئے ہر نماز کے بعد سورۃ انعام پانچ مرتبہ اس طریق سے پڑھے کہ ایک مرتبہ پڑھنے کے بعد اپنے دل و دماغ پر دم کرے۔ یعنی دونوں ہاتھوں پر پھونک مار کر اپنے سینے اور دماغ و چہرہ پر پھیرے اور اللہ رب العزت سے اپنے مقصد کے حصول کے لئے دعا مانگے۔ شروع شروع میں طبیعت عمل کرنے سے گھبرائے گی لیکن روز بروز اس میں سکون، یکسوئی اور توجہ بڑھتی جائے گی اور دل و دماغ مستعد اور چوکس ہو کر ہر کام کو انتہائی یکسوئی اور توجہ سے کریں گے۔ طبیعت ہشاش بشاش رہے گی۔ یہ عمل کم از کم اکیس روز تک بلاناغہ کرے۔

## باطنی علوم

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ علوم ظاہری و باطنی میں جو کچھ بھی وہ حاصل



کرے اس کے ذہن پر انمٹ حروف کی طرح نقش ہو جائے اور کسی بھی میدان میں اسے علمی شکست کا سامنا نہ کرنا پڑے اور ہر جگہ اسے باعزت نگاہوں سے دیکھا جائے تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے نماز تہجد کی ادائیگی کے بعد سورۃ انعام تیس مرتبہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے اپنے سر پر پھیرے اور دل کے مقام پر پھونک لگائے اور اللہ رب العزت کی بارگاہ میں اپنے مقصد کے حصول کے لئے دعا کرے۔ انشاءاللہ اس عمل کی ہمیشہ مداومت سے تمام علوم دینی و دنیاوی، ظاہری و باطنی میں مکمل دسترس حاصل کرے گا اور ہر جگہ عزت و احترام پائے گا۔

## خلائق میں مقبولیت

اگر کسی کی خواہش چشم خلائق میں مقبولیت کی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل فائدہ مند ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر نماز کے بعد سورۃ انعام ۷ مرتبہ اول و آخر درود شریف اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگا کرے۔ انشاءاللہ روزانہ کی مداومت سے بہت جلد چشم خلائق میں مقبول ہو جائے گا۔

## مخلوق کی تسخیر

اگر کسی کی یہ آرزو ہو کہ مخلوق اللہ کے دل میں اس کے لئے پیار و محبت اور

چاہت حقیقی معنوں میں پیدا ہو جائے اور وہ ہر جگہ عزت و احترام کی نگاہوں سے دیکھا جائے تو اس کے لئے بزرگان نے ذیل کا عمل بے حد مجرب اور اکسیر قرار دیا ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر روز بعد از نماز فجر ۵ مرتبہ سورۃ انعام اول و آخر درود شریف تسخیر گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگے لیکن سورۃ انعام کے ورد کے دوران ہر بار آیت الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کی تکرار اکتالیس مرتبہ کرے۔

انشاء اللہ اس عمل کی ہمیشہ مداومت کرنے والا دنیا میں کسی بھی جگہ ذلیل نہیں ہوگا اور ہر فرد اس کی انتہائی عزت و آبرو کرے گا اور دوسروں پر اس کو فوقیت دے گا۔

## بلند مرتبہ

بلند مرتبہ کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے جمعۃ المبارک اور پیر کو بعد فجر اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اور دو مرتبہ سورۃ انعام پڑھ کر اللہ رب العزت کی بارگاہ میں دعا مانگے۔

انشاء اللہ اس عمل کی ہمیشگی اختیار کرنے سے دین و دنیا میں بلند مرتبگی پائے گا۔

## تسخیر خلائق

بلند مرتبہ کے خواہاں افراد ہر روز بعد از نماز فجر اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف اور سورۃ انعام ۔ ۷ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور اپنے مقصد کے



لئے دعا کیا کریں۔ اس عمل پر ہمیشگی اختیار کرنے سے وہ بلند مرتبگی حاصل ہوگی جس کا تصور بھی نہ ہوگا۔

## عزت و مرتبہ

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اسے خلائق میں بلند مرتبہ حاصل ہو اور اس کا شمار اللہ تعالیٰ کے دوستوں میں ہو جائے تو اس کے لئے ذیل کا عمل اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر روز بعد نماز تہجد نہایت عاجزی و انکساری کے ساتھ ۷ مرتبہ سورۃ انعام معہ اول و آخر درود شریف ابراہیمی گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ رب العزت کی بارگاہ میں عاجزی و انکساری کے ساتھ حضور قلب سے دعا مانگے۔

انشاء اللہ اس عمل کی باقاعدہ مداومت سے بہت جلد مقصود حاصل ہو جائے گا۔ بلند مرتبگی ملے گی اور اس کا شمار اللہ تعالیٰ کے دوستوں میں ہونا شروع ہو جائے گا۔

## قرب الٰہی

جو کوئی بھی قرب الٰہی کا خواہاں ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں صبح اور شام سات سات مرتبہ سورۃ انعام سورۃ اخلاص اور سورۃ نشراح معہ اول و آخر درود شریف سات سات مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگے۔ روزانہ کے اس ورد سے بہت جلد مقصود حاصل ہوگا۔

# حصول عبادت

جو کوئی بھی حصول رضائے الٰہی کا خواہاں ہو تو اس مقصد کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

ہر روز بلا ناغہ بعد از نماز عشاء تین تین مرتبہ درود شریف اول و آخر تین باوجودیکہ اس کا دل و دماغ عبادت میں یکسوئی اور مستغرقی کے لئے مائل نہ ہوتا ہو تو ذیل کا عمل اکسیر اعظم کا حکم رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از ہر نماز ہر روز سورۃ انعام گیارہ مرتبہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھ کر اللہ کے حضور عاجزی و انکساری سے اپنے مقصود کے لئے دعا کرے۔

انشاء اللہ روز بروز اس عمل سے عبادت میں یکسوئی پیدا ہوگی وسواس شیطانی سے نجات ملے گی اور آہستہ آہستہ عبادت گزار اور شب بیدار بندہ بن جائے گا اور اس عمل سے عبادت کا صحیح لطف و سرور بھی حاصل کرے گا۔

# نیک اوصاف

اگر کوئی شخص بے انتہا سنگدل ہو اور اپنی اس سنگدلی کی وجہ سے پریشان ہو اور اس سے راہ نجات نظر نہ آتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل مفید اور شافع ہے۔

اس مقصد کے لئے نماز پنجگانہ کی پابندی کرے اور بعد از نماز عصر ہر روز اول و آخر درود شریف قرآنی اکیس اکیس مرتبہ، سورۃ انعام اکتالیس مرتبہ پڑھ



کر اپنے دل کے مقام پر دم کیا کرے اور اللہ تعالیٰ کے حضور دعا بھی مانگے۔

انشاء اللہ چالیس روز کے اندر اندر دل کی سختی دور ہو کر نرم دلی پیدا ہو جائے گی اور رفتہ رفتہ اس کی حالت بالکل بدل جائے گی۔

# برائی سے بچاؤ

جو شخص جوئے اور سٹہ بازی کے بد افعال میں مبتلا ہو اور کسی طرح ان سے جان نہ چھوٹتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل کارگر اور نفع بخش ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز عشاء پیر، جمعرات اور جمعہ تین رات باوضو حالت میں اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ، سورۃ انعام پانچ مرتبہ، سورۃ اخلاص اکتالیس مرتبہ، سورۃ جمعہ تین مرتبہ، سورۃ رحمٰن تین مرتبہ، سورۃ مزمل تین مرتبہ پڑھ کر مٹھائی پر دم کر کے کھائے۔ یا کوئی دوسرا یہ عمل کر کے اسے کھلائے۔

انشاء اللہ نوے دن کے عمل سے جوئے کی عادت بد سے نجات مل جائے گی اور ہمیشہ کے لئے اس فعل سے توبہ کر کے کبھی اس طرف رجوع بھی نہ کرے گا اور نہ ہی کوئی شے راہ کی رکاوٹ بنے گی۔

# آفات سے محفوظ

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ وہ آفات و بلیات سے محفوظ رہے برائی سے بچا رہے اللہ تعالیٰ اسے اپنے حفظ و امان میں رکھے تو اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد نوے مرتبہ سورۃ انعام پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرے اللہ تعالیٰ اسے شر

شیطان سے محفوظ رکھے گا اس پر اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے گا۔ اس کے دل میں برائی سے نفرت پیدا ہوگی اور طبیعت نیکی کے کاموں کی طرف مائل ہوگی۔

## عزت میں اضافہ

جو شخص اپنی غلط کاریوں کی وجہ سے بدنام ہو اور اس کی وجہ سے ہر جگہ شرمسار ہو اور ندامت میں ڈوبا رہے تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔
اس مقصد کے لئے ہر نماز کے بعد سورۃ انعام سات مرتبہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اور ایک سو بار استغفار پڑھ کر اپنے گناہوں کی معافی اللہ رب العزت کے حضور مانگے اور راہ راستی اور شرمساری و ندامت کے دور ہونے کی دعا مانگا کرے۔ انشاء اللہ اس عمل کی ہیشگی اختیار کرنے سے بہت جلد ذلت و خواری، شرمساری سے بفضل ایزدی نجات پا جائے گا۔

## جنت کا خواہشمند

جو شخص جنت کے ٹکٹ کا خواہشمند ہو تو وہ ذیل کا عمل فرمودہ رسول اللہ ﷺ اختیار کرے۔ انشاء اللہ وہ بعد از مرنے کے سیدھا جنت میں چلا جائے گا۔
اس مقصد کے لئے صبح کو اور رات کو بعد از نماز فجر اور نماز عشاء اول و آخر درود شریف سات سات مرتبہ سورہ انعام پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں کو اٹھا کر تین مرتبہ آمین کہہ لیا کرے۔



## گناہوں کی بخشش

جو شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کے بے شمار گناہوں کی بخشش باری تعالیٰ فرما دیں اور اس کی باز پرس روز محشر نہ ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔
اس مقصد کے لئے بعد از ہر نماز ایک مرتبہ سورۃ انعام بمعہ درود شریف اول و آخر پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دست بدعا رہے۔ انشاء اللہ اس عمل کی روزانہ مداومت سے اللہ تعالیٰ اپنا فضل و کرم فرماتے ہوئے اس کے گناہوں کی بخشش فرما دیں گے اور بروز محشر بھی باز پرس سے بچ جائے گا۔

## دعا کی قبولیت

جو کوئی اپنے آپ کو بہت زیادہ گنہ گار سمجھتا ہو اور گناہوں سے تائب ہو کر سیدھی راہ پر آنا چاہتا ہو اللہ تعالیٰ سے بخشش کا طلبگار ہو تو اسے چاہئے کہ وہ ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ سورۃ انعام پڑھ لیا کرے انشاء اللہ اس کی دعا قبول ہوگی۔ اللہ تعالیٰ اس بندے پر نظر عنایت فرمائے گا اس کو نیک کام کرنیکی توفیق عطا فرمائے گا اور اسے اپنے حفظ وامان میں رکھے گا۔

## استخارہ کے لئے

جس کسی کو کسی بات کی خیر خبر معلوم کرنا ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد

مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز عشاء تازہ وضو کر کے پاک صاف بستر پر چت لیٹ کر تین بار درود شریف۔ پھر ایک بار سورۃ انعام، گیارہ بار سورۃ اخلاص پھر تین بار درود شریف پڑھ کر سینے پر دم کرے اور قبلہ رومنہ کر کے دائیں بائیں سو جائے اس دوران نیت یہ ہو کہ اے اللہ کریم اپنے نیک کلام کی برکت سے مجھے اس کام کے متعلق آگاہی فرما کہ میں یہ کام کروں یا نہ کروں یا میرے لئے کون سا امر بہتر اور نافع ہے۔ انشاء اللہ خواب میں اس امر کی اچھائی یا برائی اور کرنے یا نہ کرنے کے متعلق مکمل آگاہی ہو گی۔ تا حصول مقصد یہ عمل روزانہ جاری رکھا جائے۔

## استخارہ

اگر کسی کام میں مختلف آراء ہوں یا کسی ایک رائے کو قابل ترجیح نہ سمجھا جا رہا ہو تو ضرورت مند شخص ذیل کا عمل کرے انشاء اللہ اس کی برکت سے خواب میں صحیح اور سچی رائے مل جائے گی جس پر عمل کرنے سے مطلوبہ کام میں کامیابی و کامرانی نصیب ہو گی۔

اس مقصد کے لئے رات کو سوتے وقت سورۃ انعام ایک مرتبہ اول و آخر درود شریف پڑھ کر سوئے اور کسی سے بھی کوئی گفتگو یا کلام نہ کرے۔

## قبولیت دعا

وَاِذَا جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ قَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ حَتّٰى نُؤْتٰى مِثْلَ مَآ اُوْتِىَ رُسُلُ



اللّٰهِ ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسٰلَتَهٗ ؕ (سورۃ انعام، آیت ۱۲۵)

ترجمہ: اور جب ان کے پاس آتی ہے کوئی آیت، کہتے ہیں ہم تو ہرگز نہ مانیں گے جب تک کہ ہم کو نہ دیا جائے اس جیسا جو دیا گیا اللہ کے رسولوں کو۔ اللہ خوب جانتا ہے کہ کہاں رکھے اپنی پیغمبری۔

خاصیت:۔ ان آیتوں میں لفظ اللہ دو جگہ متصل واقع ہوا ہے۔ ان دونوں لفظ کے درمیان جو کوئی دعا مانگے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول ہو گی۔

(مولانا اشرف علیؒ)

## مشکل کشائی کے لئے

اگر کوئی کسی اچانک مشکل میں مبتلا ہو، ہر مشکل کے حل کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو اسے چاہئے کہ وہ سورج نکلنے کے وقت باوضو حالت میں قبلہ رو بیٹھ کر تین مرتبہ سورۃ انعام پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ ہر روز یہ عمل کرے اس وقت تک جب تک کہ مشکل حل نہ ہو جائے۔ انشااللہ تعالیٰ بہت جلد مشکل حل ہو جائے گی اور آسانی پیدا ہو گی۔

## مشکل کشائی

جو شخص ذیل کے عمل کی مداومت رکھے گا وہ رفیق القلب بن جائے گا اور کسی بھی بیمار زدہ یا تکلیف زدہ کی بیماری اور تکلیف کو رفع کرنے کی کوشش کرے گا۔

اس کے لئے سورۃ انعام سات بار اول و آخر درود شریف ابراہیمی سات

سات باراوراسم حسنیٰ یَارَحمٰنُ بکثرت بعدازنماز فجر پڑھ کراللہ کے حضور دعا کیا کرے۔

## پریشانی کا حل

جس کسی کوایسی مشکل درپیش ہو جس کی وجہ سے سخت ترین پریشانی کا سامنا کرنا پڑرہاہواوراس مشکل کے حل کی کوئی تدبیر نظر نہ آتی ہوتوایسی صورت میں ذیل کا عمل اکسیراعظم ہے۔اس مقصد کے لئے کئی آدمی طاق تعداد میں مل کر باوضو حالت میں ایک ہی نشست میں سورۃ انعام سات مرتبہ پڑھیں۔ اول وآخر درودشریف اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھیں۔پھرانتہائی خلوص سے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کریں انشاءاللہ العزیز اس عمل سے ہر مشکل کا حل غیب سے رب تعالیٰ حل فرمادیں گے۔اس عمل کا بہترین وقت بعدازنماز عشاء یا بعد ازنماز فجر ہے۔

## مصیبت سے چھٹکارا

اگرکوئی کسی دنیاوی مصیبت میں پھنس گیا ہواور چھٹکارے کی صورت نظر نہ آتی ہوتوایسے میں ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے ہرنماز کے بعدسورۃ انعام ایک مرتبہ پڑھیں انشاءاللہ اس مصیبت سے نجات مل جائے گی۔ زیادہ سے زیادہ سات یوم تک یہ عمل کرنے سے بڑی سے بڑی مصیبت سے نجات مل جاتی ہے۔



## پریشانی سے نجات

کسی بھی قسم کی جائز مشکل کی آسانی کے لئے ذیل کا عمل فائدہ مند ہے۔

اس مقصد کے لئے بعدازنماز فجر ایک مرتبہ سورۃ انعام اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کراللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے۔یہ عمل چالیس یوم بلاناغہ کرنے سے بڑی سے بڑی مشکل آسان ہو جاتی ہے اور پریشانی سے بفضل ایزدی نجات مل جاتی ہے۔

## ناگہانی مشکل

اگرکوئی اچانک کسی ناگہانی مشکل میں گرفتار ہو جائے اور ایسے وقت کوئی تدبیر نہ سوجھتی ہوتواس کے لئے ذیل کا عمل نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے صبح کوسورج نکلتے ہی باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سورۃ انعام ۱۳ مرتبہ، اول وآخر درودشریف سات سات مرتبہ پڑھ کراللہ کے حضور دعا مانگے۔انشاءاللہ کیسی ہی افتاد کیوں نہ ہواس سے جان چھوٹ جائے گی۔تاحصول مقصداس عمل کو جاری رکھیں۔

## مشکل کشائی سے نجات

اگرکوئی بھی مشکل یا حاجت درپیش ہواورحل ہوتی نظر نہ آتی ہوتو مندرجہ ذیل عمل کرے۔انشاءاللہ اس عمل کی بدولت وہ مشکل یا حاجت بفضل ایزدی

سے پوری ہو جائے گی۔

اس مقصد کے لئے جمعہ کی رات کو نصف رات کے بعد اٹھ کر غسل کر کے پاک صاف لباس پہنے۔ پھر دو رکعت نماز نفل اس طرح سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص دس مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد رکوع و سجود میں تسبیحات سات سات مرتبہ پڑھے۔ پھر نماز ختم کر کے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ایک مرتبہ سورۃ انعام پڑھ کر دعا مانگے۔

الٰہی! اگر میں نے تیری اطاعت کی ہے تو تعریف صرف تیرے ہی لئے ہے اور اگر میں نے تیری نافرمانی کی ہے تو میرے خلاف حجت تیرے ہاتھ میں تجھ ہی سے راحت ہے اور تجھ ہی سے کشادگی و آسائش پاک ہے وہ ذات جو انعام کرتی ہے اور نیک اعمال کی قدردان ہے پاک ہے وہ ذات جو فیصلہ کرتی ہے اور معاف کرتی ہے۔ الٰہی تیرا مجھ پر احسان ہے۔ میں نے اپنی خواہش نفس کی اطاعت کی اور شیطان نے مجھے گمراہ کر دیا۔ مجھ پر تیری محبت قائم ہے اگر تو مجھے عذاب دے تو یہ میرے گناہ کی وجہ سے ہوگا اور تو ظالم نہ ہوگا اور اگر تو مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرمائے تو بے شک تو جواد ہے کریم ہے۔ اے کریم، اے کریم (یہ دعا کثرت سے پڑھے) اس کے بعد پڑھے۔

ہر شے سے امن دینے والے اور ہر شے تجھ سے خائف ہے تیرے امن کے وسیلے سے میں سوال کرتا ہوں کہ ہمارے سردار محمد ﷺ اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما اور میری ذات کے لئے میرے اہل و عیال کے لئے اور ان تمام کے لئے بھی جو تو نے مجھے انعام کئے ہیں امان عطا فرما یہاں تک کہ میں نہ کسی چیز



سے ڈروں اور نہ خوف کروں تو ہر شے پر قادر ہے اور ہمارے لئے اللہ کافی ہے جو بہترین کارساز ہے اے اللہ جس نے ابراہیمؑ کو نمرود سے بچایا اور موسیٰؑ کو فرعون سے۔ سوال کرتا ہوں کہ تو ہمارے سردار محمد ﷺ اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما اور مجھے ہر شے سے امن عطا فرما اور میری کفایت فرما۔ آمین۔

## مہم میں کامیابی

اگر کوئی شخص کسی مہم پر جانے کا ارادہ رکھتا ہو اور راستے کے خطرات سے ڈرتا بھی ہو تو ایسی حالت میں خوف سے نجات اور بحفاظت واپسی کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے مہم کے سارے راستے میں یَاقَوِیُّ مُعِیْنُ وَاحِدِی دَلِیْلِ بِحَقِّ الانعام پڑھے۔ انشاءاللہ مہم سے کامیاب ہوگا۔

## ناگہانی مصیبت

اگر کوئی کسی مصیبت میں یا ان گنت ناگہانی مصیبتوں میں گرفتار ہو جو کسی حالت میں دور نہ ہوتی ہوں تو ایسی صورتحال سے نکلنے کے لئے ذیل کا عمل کارگر ہے۔

اس مقصد کے لئے سورۃ انعام کا طریقہ عمل یہ ہے کہ اس کا ختم کبیر ہو جس کی تعداد ایک ہزار ہے اور اس کو پچیس مرتبہ روزانہ پڑھے یا پھر ختم وسیط پڑھ سکتا ہے جس کی تعداد دو سو ہے اس کے لئے اس کو پانچ مرتبہ روزانہ پڑھے۔

یا پھر ختم صغیر پڑھ سکتا ہے جس کی تعداد چالیس ہے جس کو ایک مرتبہ روزانہ پڑھ سکتا ہے۔

ان تینوں میں سے کوئی بھی عمل فوری طور پر ہو سکتا ہے اسے کرے۔ اس عمل کے خاتمے سے وہ مصیبت رفع ہو جائے گی بہتر ہے کہ تمام مصیبتوں کے اختتام کے لئے ختم کبیر اکیلا یا طاق تعداد مل کر لوگ پڑھیں اور اپنے مقصد کی کامیابی کے لئے اللہ رب العزت سے مانگے تو زیادہ بہتر ہے کوئی بھی مشکل باقی نہ رہے گی۔ عمل جمعہ کی رات یا بعد از نماز فجر کرنا بہت بہتر ہے۔

## مقدمہ میں کامیابی

جس کسی پر ناحق مقدمہ ہو گیا ہو اور حق ہونے کے باوجود بھی اس کی شنوائی نہ ہوتی ہو۔ سفارش اور رشوت کے بل بوتے پر مقدمہ کا فیصلہ اس کے خلاف ہونے کی امید ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر بعد نماز فجر سورۃ انعام آٹھ مرتبہ۔ بعد نماز ظہر سات مرتبہ بعد نماز عصر چھ مرتبہ۔ بعد نماز مغرب پانچ مرتبہ۔ بعد نماز عشاء چار مرتبہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ ہر بار پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت مقدمے کا فیصلہ اس کے حق میں ہو جائے گا اور وہ مقدمہ سے صاف بری ہو جائے گا کوئی بھی اس کا کچھ نہ بگاڑ سکے گا۔

یاد رہے کہ دوران عمل کسی سے کسی بھی قسم کی گفتگو یا کلام نہ کرے اس عمل کو



زیادہ سے زیادہ سات یوم تک کر سکتے ہیں۔

## قید سے رہائی

اگر کسی کو ناحق قید میں ڈال دیا گیا ہو اور رہائی کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل مفید تر ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز عشاء سورۃ انعام پانچ بار معہ اول و آخر درود شریف ابراہیمی گیارہ گیارہ بار اس طرح پڑھیں انشاء اللہ اس عمل سے بہت جلد قیدی رہا ہو گا۔ اس عمل کو تا حصول مقصود جاری رکھیں۔

## قید کی رہائی

قیدی کی رہائی کے لئے ذیل کا عمل مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد نماز فجر مغرب اور عشاء تین مرتبہ سورۃ انعام بارہ مرتبہ سورۃ اخلاص اور گیارہ مرتبہ آیت کریمہ پڑھ کر سجدے میں رو رو کر قید سے نجات کے لئے دعا مانگا کریں۔ انشاء اللہ بفضل تعالیٰ قید سے رہائی کی سبیل نکل آئے گی۔ تا رہائی یہ عمل جاری رکھے۔

## قید سے چھٹکارا

اگر کسی کو ناحق قید میں ڈال دیا گیا ہو رہائی کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل مفید تر ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز عشاء سورۃ انعام پانچ بار معہ اول وآخر درود ابراہیمی گیارہ گیارہ بار اس طرح پڑھیں انشاء اللہ اس عمل سے بہت جلد قیدی رہا ہوگا۔ اس عمل کو تا حصول مقصود جاری رکھیں۔

## قید سے رہائی

قید کی رہائی کے لئے ذیل کا عمل مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد نماز فجر مغرب اور عشاء تین مرتبہ سورۃ انعام بارہ مرتبہ سورہ اخلاص اور گیارہ مرتبہ آیت کریمہ پڑھ کر سجدے میں گڑگڑا کر قید سے نجات کے لئے دعا مانگا کریں۔ انشاء اللہ بفضل تعالیٰ قید سے رہائی کی سبیل نکل آئے گی۔ تا رہائی یہ عمل جاری رکھے۔

## قیدی کی رہائی

اگر کسی کو ناحق قید میں ڈال دیا گیا ہو رہائی کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو اور نہ ہی انصاف کی توقع ہو تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل نافع اور مجرب ہے۔

— اس مقصد کے لئے طاق تعداد میں مل کر اشخاص باوضو حالت میں پاک جگہ پر بیٹھ کر ایک ہی نشست میں سات مرتبہ سورۃ انعام اول وآخر درود شریف تجینا اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگیں۔ اس عمل کو چالیس یوم بلا ناغہ جاری رکھیں انشاء اللہ قیدی کی رہائی کے اسباب پیدا ہو جائیں گے اور ناحق قید میں پڑا ہوا قیدی باعزت رہا ہو کر گھر آ جائے گا۔



## حفاظت سفر

جو اشخاص اکثر بیرونی ملکوں میں آتے جاتے ہوں اور ان کو ہوائی سفر میں کسی بھی ممکنہ حادثے کا خدشہ رہتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے جانے سے قبل صبح بعد از نماز فجر آٹھ مرتبہ سورۃ انعام اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ پھر ہر نماز کے بعد دو مرتبہ سورۃ انعام اول وآخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھتا رہے۔ کوشش کرے کہ اس عمل میں ناغہ نہ ہو انشاء اللہ اس عمل کی بدولت نہ صرف ہوائی سفر میں بلکہ اپنے سارے بیرونی دورے میں بخیریت واپس آئے گا۔ ہر قسم کے حادثات اور بلیات سے محفوظ رہے گا۔

## حفاظت جان و مال کے لئے

جو شخص کسی ایسی جگہ پر جا رہا ہو جہاں خطرات ہی خطرات ہوں اور ایسے میں اس بات کا خواہاں ہو کہ وہ اس جگہ سے امن و امان میں رہے اور بحفاظت واپس آئے تو ذیل کا عمل بہ ارشاد رسول اللہ ﷺ بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے جانے سے قبل سورۃ انعام تین مرتبہ، سورۃ اخلاص تین مرتبہ، معوذتین تین تین مرتبہ، آیت الکرسی سات مرتبہ، سورۃ قدر ایک مرتبہ اور سورۃ آل عمران کی آیت ۱۹۶ سے ۲۰۰ ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور ذیل کی دعا مانگے۔ دعا یہ ہے۔

اے اللہ! تیری قدرت سے کوئی حملہ کرنے والا حملہ کرسکتا ہے اور تیری ہی قدرت سے غالب آنے والا دشمن پر غالب آسکتا ہے۔ ہر حرکت کرنے والے کو تجھ ہی سے حرکت ہوتی ہے اور کوئی قوت ایسی نہیں جس سے کوئی قوت والا امتیاز حاصل کرسکتا ہو تو وہ تجھ ہی سے حاصل ہوتی ہے میں سوال کرتا ہوں بطفیل تیرے اس برگزیدہ مخلوق کے اور عالم میں سب سے زیادہ نیک بندے محمد ﷺ کے جو تیرے نبی ہیں اور ان کی آل اور ان کے صحابہ کے طفیل میں ان پر رحمت و سلامتی ہو تو کافی ہو جائے میرے لئے۔ میرے اہم کاموں میں۔

اے اللہ! تو میرے لئے آج کے دن کے شر اور ضرر سے اور عطا کر مجھ کو اس کا خیر اور اس کی بھلائی اور حکم کر میرے لئے چیزوں میں جو تیرے قبضہ میں ہیں۔ نیک انجام، محبت اور آرزوؤں کی کامیابی کا اور ہر سرکش اور گمراہ سے حفاظت کا اور ہر اس شخص سے بچاؤ کا جو اذیت پہنچانے پر قادر ہو سکتا ہو۔ یہاں تک کہ ہو جاؤں میں پناہ میں اور حفاظت میں ہر بلا سے اور ہر انتقام سے اور بدل دے تو میرے خون کی چیزوں کو ان چیزوں سے جن میں امن ہے اور مشکلات کو آسانیوں سے یہاں تک کہ نہ روکے مجھ کو روکنے والا میری مراد سے اور نہ نازل ہو مجھ پر رات کو آنے والی کوئی آفت جو بندوں کو اذیت پہنچاتی ہے بے شک تو ہر شے پر قدرت والا ہے اور سارے معاملات تیری طرف رجوع ہوتے ہیں، اے اللہ تو ہی سننے والا اور جاننے والا ہے۔

## حفاظت کے لئے

جو شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کی ہر شے بحفاظت پڑی رہے اور



کسی بات کا نقصان نہ ہونے پائے تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور کار گر ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سورہ انعام دو مرتبہ۔ آیت الکرسی گیارہ مرتبہ۔ سورہ اخلاص گیارہ مرتبہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر جس شے کی حفاظت مقصود ہو اس پر دم کریں اس شے کی حفاظت اللہ تعالیٰ خود کریں گے اور کسی بھی قسم کا نقصان بھی نہیں ہوگا۔ مکان، دکان اور ساز و سامان کی حفاظت کے لئے نہایت مجرب عمل ہے۔

## درندوں سے حفاظت

ایسا مسافر جو کسی ویران جنگلی راستے سے گزرنا چاہتا ہو یا اس کی راہ گزر ہی ایسی ہو جہاں درندوں کے حملہ کا خطرہ ہر دم موجود رہے تو ان کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں دو مرتبہ سورۃ انعام اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔

انشاء اللہ اس عمل سے سارے راستہ میں حفاظت سے رہے گا اور درندے اسے کوئی بھی نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔

## کتے کا کاٹنا

اگر کسی کو باؤلے کتے نے کاٹ لیا ہو تو ایسی صورت میں ذیل کا عمل اکسیر کا

حکم رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر عرق گلاب پر سورۃ انعام چار مرتبہ اور سورۃ اخلاص بائیس مرتبہ اول وآخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور عرق گلاب کو مریض کو پلادیں۔ اکتالیس یوم بلاناغہ اس عمل سے کتے کے کاٹے کا اثر مکمل ختم ہوجائے گا اور بفضل ایزدی کوئی تکلیف باقی نہ رہے گی۔

## بچھو سے حفاظت

اگر کسی کو بچھو نے ڈنک مار دیا ہو اور اس جگہ ڈنک کے زہر کے ساتھ درد کی شدت میں اضافہ ہو رہا ہو اور حد سے زیادہ تکلیف اور بے چینی ہو رہی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے تھوڑا سا خوردنی نمک لے کر اس پر سات بار سورۃ انعام اول وآخر درود شریف تین تین بار پڑھ کر نیم گرم پانی میں گھول لیں اور ڈنک والی جگہ کو اس نمکین پانی سے اچھی طرح دھوئیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے فوری آرام آجائے گا اور بچھو کے ڈنک کا سارا زہر کافور ہوجائے گا۔ طبیعت میں آرام وسکون پیدا ہوجائے گا۔

## زہر کا اثر ختم

اگر کسی کو سانپ نے کاٹ لیا ہو تو دودھ پر ایک بار سورۃ انعام دم کر کے تھوڑا سا لہسن پیس کر ملادیں اور مریض کو پلائیں۔ شفا پائے گا۔



## سانپ کے زہر سے حفاظت

اگر کسی کو سانپ یا کسی اور زہریلی شے نے کاٹ لیا ہو تو اس کے علاج کے لئے شافع عمل یہ ہے۔ اس مقصد کے لئے فوری طور پر دودھ گرم کر کے اس میں دس گرام لہسن کوٹ کر حل کریں۔ پھر اس کو باریک کپڑے سے چھان کر اس پر تین مرتبہ سورۃ انعام اول وآخر درود شریف شفاء گیارہ گیارہ بار پڑھ کر مریض کو یہ دودھ پلادیں انشاء اللہ اس عمل کی بدولت زہر کا اثر ختم ہوجائے گا۔ مکمل شفاء اور نجات تکلیف کے لئے اس عمل کو سات روز تک بلاناغہ جاری رکھیں۔

## زہر سے حفاظت

اگر کسی شخص کو سانپ نے کاٹ لیا ہو تو اس کے زہر کا اثر زائل کرنے کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں گڑ لے کر اس پر دو مرتبہ سورۃ انعام اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھ کر دم کرے اور گڑ مار گزیدہ کو کھلادے۔ زہر کا اثر ختم ہو کر مریض صحت یاب ہوجائے گا۔ اس عمل کو کرنے والا سانپ کو زندگی بھر نہ مارے۔

## ڈینگی مچھر سے نجات

ڈینگی وائرس کے مرض میں مبتلا شدید بخار سے نجات کے لئے سورۃ

انعام کی آیت ۱۶ سے ۱۷ کو پندرہ مرتبہ پڑھیں اس سے پہلے درود ابراہیمی پندرہ مرتبہ پڑھ کر روزانہ اپنے اوپر دم کریں ساتھ میں اول و آخر درود شریف یا مُهَیْمِنُ ۱۴۵ مرتبہ روزانہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں انشاء اللہ تعالیٰ اس مرض سے نجات مل جائے گی۔

## امن وسکون کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ وہ ہر وقت امن وسکون میں رہے تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز فجر اور بعد از نماز عشاء اول و آخر درود شریف تنجینا گیارہ گیارہ مرتبہ اور سورۃ انعام سات مرتبہ بمعہ دعائے ذیل سات مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے۔ ہر قسم کے خطرات وسواس سے امن و سکون میں رہے گا۔ دعا یہ ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَلَا فَقَهَرَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ بَطَنَ فَخَبِیْرُ ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ مَلَكَ فَقَدَرَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ یُحْیِ الْمَوْتٰی وَیُمِیْتُ اِلاَّ حَیًّا وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

## صحیح راستہ کے لئے

اگر کوئی کسی جگہ کام پر جا رہا ہو اور راستہ بھول جائے اور اس کی سمجھ میں نہ آتا ہو کہ اصل راستہ کون سا ہے اور راستہ بتانے والا بھی کوئی نہ ہو تو ایسے میں



ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے اپنے دل میں راستے کے صحیح تعین کی نیت کر کے سورۃ انعام کی آیت کو پڑھنا شروع کر دیں۔ انشاء اللہ چند مرتبہ ہی پڑھنے سے صحیح راستہ مل جائے گا اور بخیریت اپنے مقام پر پہنچ جائے گا۔

## گمشدہ کی واپسی

اگر کسی کا بچہ گم ہو گیا ہو اور اس کا اتہ پتہ نہ چلتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے چند آدمی طاق تعداد میں پاک صاف ہو کر پاک صاف لباس پہن کر باوضو حالت میں ایک جگہ پر اکٹھے بیٹھ کر سورۃ انعام ایک مرتبہ، اول و آخر درود شریف اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور عاجزی وانکساری سے گڑگڑا کر اپنے مقصد کے حصول کے لئے دعا مانگیں۔

سات یوم تک اس عمل کو بلاناغہ جاری رکھیں تو گم شدہ بچہ بازیافت ہوگا۔

اگر سات دن میں مقصود حاصل نہ ہو تو اس عمل کو گیارہ دن تک جاری رکھیں۔

## گمشدہ شے کی واپسی

اگر کسی کی کوئی شے گم ہو گئی ہو اور باوجود کوشش بسیار کے نہ ملتی ہو اور نہ ہی اس کے بارے میں کچھ پتہ چل رہا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اپنے مقصد کو پیش نظر رکھتے ہوئے باوضو حالت میں پانچ مرتبہ سورۃ انعام

بمعہ اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت بہت جلد وہ شے مل جائے گی۔

اس عمل کو تاحصول مقصد جاری رکھیں۔

# مکان خالی کرانا

جو کوئی اپنے کرایہ دار سے مکان یا دکان خالی کروانا چاہتا ہو یا کوئی ناجائز قابض ہو گیا ہو اور وہ کسی بھی طرح اس کو جائز طریقے سے خالی کرنے کو تیار نہ ہو تو ذیل کا عمل نہایت کارگر ہے۔

اس مقصد کے لئے قبلہ رخ کھڑے ہو کر بعد نماز مغرب اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ۔ سورۃ انعام پانچ مرتبہ۔ سورۃ اخلاص اکتالیس مرتبہ اور آیت کریمہ تین سو مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھ دعا کے لئے اتنے بلند کرے کہ وہ سر سے اوپر ہو جائیں۔ پھر انتہائی عاجزی سے اللہ کے حضور دعا مانگے۔ یہ عمل گیارہ دن تک کرے۔ انشاء اللہ مراد پوری ہوگی۔

تنبیہہ:۔ اس عمل کو ناجائز بالکل نہ کرے اور گیارہ روز سے زائد کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ اگر گیارہ روز سے پہلے مقصود حاصل ہو تو اس عمل کو اسی وقت بند کر دیں۔ مقصود حاصل ہونے کے بعد حسب توفیق خیرات فقراء میں تقسیم کرے۔

# شر سے نجات

اگر کسی کو کسی ظالم شخص کے ہاتھوں نقصان پہنچنے کا خدشہ ہو تو ایسی صورت



میں اس کے ظلم اور شر سے بچنے کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں دس مرتبہ سورۃ انعام بمعہ بسم اللہ شریف، اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور پھر اس ظالم شخص کا سامنا کرے انشاء اللہ اس کے ظلم وشر سے بفضل ایزدی مکمل محفوظ و مامون رہے گا اور کسی بھی قسم کا نقصان یا تکلیف پہنچانے پر وہ شخص قادر نہ ہوگا۔

# ظالم پولیس سے نجات

اگر کسی علاقے کا پولیس آفیسر، تھانے دار انتہائی سخت، ظالم اور جابر ہو۔ بات بات پر غصے اور اشتعال میں آجاتا ہو اور نقصان کے درپے ہو اور کسی وجہ سے اس کے پاس جانا پڑے اور اس سے نقصان پہنچنے کا خوف ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں گیارہ مرتبہ سورۃ انعام اول وآخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔

انشاء اللہ اس عمل کی بدولت وہ کمال مہربانی سے پیش آئے گا اور کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

# دشمن سے بچاؤ

اگر کسی کا دشمن شریر، کینہ پرور اور نقصان پہنچانے کے درپے ہو اور نقصان پہنچانے کا کوئی بھی موقع ہاتھ سے نہ جانے دیتا ہو اور وہ اس بات کا خواہاں ہو کہ

اس کے شر سے ہمیشہ کے لئے چھٹکارا مل جائے تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس کے لئے ہر روز بعد از نماز فجر پانچ مرتبہ سورۃ انعام بعد از نماز ظہر چار مرتبہ سورۃ انعام۔ بعد از نماز عصر تین مرتبہ سورۃ انعام۔ بعد از نماز مغرب دو مرتبہ سورۃ انعام۔ بعد از نماز عشاء ایک مرتبہ سورۃ انعام بمعہ ہر بار اول و آخر درود شریف سات سات مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگے اور دعا میں یوں کہے۔ یاالٰہی بحرمت سورۃ انعام بہ وسیلہ محمد ﷺ مجھے اپنے حفظ و امان میں رکھ اور اس موذی شیطان (یہاں دشمن اور اس کی ماں کا نام لے) کے شر سے محفوظ و مامون فرمادے۔ پھر تین بار آمین کہے۔

انشاء اللہ اس عمل کی بدولت اس ظالم دشمن کے شر سے محفوظ و مامون رہے گا اور کوئی بھی امر اس کو نقصا پہنچانے پر قادر نہ ہوگا۔

## دشمن پر فتحیابی

اگر کسی کو اپنے کسی بھی دشمن کی طرف سے نقصان پہنچنے کا خدشہ ہو اور اس کی خواہش ہو کہ میرا دشمن مجھے نقصان پہنچانے پر قادر نہ ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل کارگر ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز عشاء آٹھ مرتبہ سورۃ انعام اول و آخر درود شریف اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر اپنے دشمن کا تصور کر کے اس پر پھونک لگائے اور اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزی و انکساری سے دعا مانگے انشاء اللہ اس عمل کی



بدولت اس کا دشمن مکمل مغلوب ہو جائے گا اور اسے کسی بھی قسم کا نقصان پہنچانے پر قادر نہ ہوگا۔

## مدمقابل پر غلبہ

جو کوئی اس بات خواہاں ہو کہ وہ مقابلے میں اپنے مدمقابل پر غلبہ حاصل کرے تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس کے لئے بعد از نماز ظہر سورۃ انعام آٹھ مرتبہ بمعہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے۔ انشاء اللہ اپنے مدمقابل پر غلبہ پائے گا اور فتح یاب ہوگا۔ اس عمل کی ہمیشگی سے کبھی بھی کسی میدان میں ذلت نہیں اٹھائے گا۔ مجرب ہے۔

## دشمن پر غلبہ

جس کا دشمن انتہائی طاقتور اور بااثر ہو اور اس کا مقابلہ کرنے کی اس میں سکت بالکل نہ ہو اس شخص کی یہ خواہش ہو کہ وہ اپنے دشمن پر غلبہ پالے تو ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز فجر سورۃ انعام سات مرتبہ اول و آخر درود شریف تسخیر گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دشمن کا تصور کر کے اس کے سینے اور چہرے پر پھونک لگائے اور اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصود کے لئے دعا مانگے انشاء اللہ بفضل ایزدی دشمن راہ فرار اختیار کرے گا اور اس شخص کو آئندہ کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

# شکست دشمن

کفار کے مقابلے میں حصہ لینے والے مجاہدین کے لئے یہ عمل اکسیر اعظم ہے۔اس سے بے مثال فتح جنگ میں حاصل ہوتی ہے۔

اس مقصد کے لئے دوران جنگ باوضو حالت میں سورۃ انعام کی آیت ایک گیارہ بار پڑھے اول و آخر درود شریف قرآنی گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھا کرے۔اس سے جنگ میں ہر نقصان اور شر سے محفوظ رہے گا اور دشمن شکست فاش سے دوچار ہوگا۔

# دشمنی کا خاتمہ

اگر کوئی اپنے دشمن کے ساتھ دشمنی ختم کر کے صلح چاہتا ہو اور اس بات کا بھی خواہاں ہو کہ اس کا دشمن بھی اسی جذبات کے ساتھ صلح رکھے تو اس مقصد کے حصول کے لئے ذیل کا عمل کرے۔بے حد مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر نماز کے بعد تین مرتبہ سورۃ انعام پڑھے اول و آخر درود شریف گیارہ بار پڑھے۔انشاءاللہ چالیس یوم کے بلاناغہ عمل سے مطلوبہ مقصد حاصل ہو جائے گا اور بڑی خوش اسلوبی سے صلح ہو کر دشمنی کا خاتمہ ہمیشہ کے لئے ہو جائے گا۔دشمن بھی زندگی بھر کوئی نقصان نہیں پہنچائے گا۔بلکہ ہر ملاقات میں رحم دلی کے جذبات و طرز عمل کا رویہ اختیار کرے گا۔



# زبان بندی

شرپسند عناصر کے شر اور بدزبانی کو ختم کرنے کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے میوے کے اکیس دانے لے کر ان پر باوضو حالت میں اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ سورۃ انعام، سورۃ یٰسین ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور پھر ان پر ان کا اور ان کی ماؤں کا نام لے کر یَاقَهَّارُ سات مرتبہ پڑھ کر مہر لگا دے اور ان دانوں کو ان کے گھروں کی شرقی دیواروں میں دفن کر دے اگر شرقی دیوار میں کسی وجہ سے یار کاوٹ کی وجہ سے دفن نہ کر سکے تو اس کو کسی بھی دیوار کے نیچے دفن کر دے لیکن یہ احتیاط رکھے کہ ان کو خبر نہ ہو۔

انشاءاللہ اس عمل کی بدولت ان کی زبان بندی مکمل ہو جائے گی اور وہ کسی کو بھی اپنے شر سے نقصان پہنچانے پر قادر نہ رہیں گے۔

یاد رہے کہ ناجائز عمل کی صورت میں غضب الٰہی کا مستوجب ہوگا۔

# فتح و کامرانی

جو کوئی بھی اس بات کا خواہاں ہو کہ وہ جو بھی جائز کام کرے اس میں اسے فتح و کامرانی نصیب ہو اور فلاح بھی حاصل ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل مفید و نافع ہے۔

ہر روز بعد نماز فجر اول و آخر درود پاک گیارہ گیارہ مرتبہ، سورۃ انعام مرتبہ

۹۸ پڑھے۔ اس کے بعد آیت الکرسی سات بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت اپنے مقصود میں کامیاب ہوگا۔ تا حصول مقصود عمل جاری رکھیں۔

## فتح ونصرت

اگر کسی کی یہ خواہش ہو کہ وہ جس کسی کام میں ہاتھ ڈالے اور اسے ناکامی کا سامنا نہ کرنا پڑے اور غیبی مدد سے اسے فتح ونصرت حاصل ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے نئے چاند کے پہلے اتوار کو بعد از نماز مغرب سورۃ انعام بمعہ بسم اللہ شریف سات مرتبہ اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔

پیر کو سورۃ انعام بمعہ بسم اللہ شریف چھ مرتبہ اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔

منگل کو سورۃ انعام بمعہ بسم اللہ شریف پانچ مرتبہ اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔

بدھ کو چار مرتبہ سورۃ انعام بمعہ بسم اللہ شریف اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔

جمعرات کو تین مرتبہ سورۃ انعام بمعہ بسم اللہ شریف اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔



جمعہ کو دو مرتبہ سورۃ انعام بمعہ بسم اللہ شریف اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔ ہفتہ کو ایک مرتبہ سورۃ انعام بمعہ بسم اللہ شریف اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔

اس طرح ہفتہ بھر کی کل تعداد اٹھائیس مرتبہ ہو جائے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت اس کو اپنے مطلوبہ مقصد میں کامیابی وکامرانی نصیب ہوگی اور کبھی بھی ناکامی کا منہ نہ دیکھنا پڑے گا۔ اس عمل کو ہر ماہ چاند کی پہلی اتوار سے سات دن تک اس عمل کی مداومت کرنے سے زندگی بھر ہر معاملہ میں کامیاب وکامران رہے گا۔

## حاجت روائی

اگر کسی کی کوئی حاجت دینی یا دنیاوی پوری نہ ہو رہی ہو اور وہ اس کے حصول کے لئے جتن کر چکا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے اپنے مقصد کے حصول کی نیت کر کے بعد از نماز عصر سورۃ فاتحہ اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اور پھر تین سو مرتبہ یَا حَیُّ یَا عَلِیْمُ یَا عَزِیْزُ یَا کَرِیْمُ اس سخت کام کو آسان فرما بحق الانعام

انشاء اللہ اس عمل سے وہ حاجت چالیس روز کے عمل کی مداومت سے پوری ہو جائے گی۔

## حاجت روائی

شیخ محی الدین ابن عربی کے فرمان کے مطابق ہر قسم کی حاجت روائی کے

لئے ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز مغرب قبلہ رخ بیٹھ کر چار مرتبہ سورۃ انعام اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر ذیل کی دعا مانگے۔

اے اللہ! تیرا علم کافی ہے۔ اس امر سے کہ سوال کیا جائے تجھ سے سورۃ انعام کی حرمت سے کہ میرے سوال کرنے کی ضرورت باقی نہ رکھ اور تیرا اکرم کافی ہے اس امر سے کہ گفتگو کی جائے سورۃ انعام کی حرمت سے۔ گفتگو سے مجھے عزت بخش اور میری مراد عطا فرما۔ انشاء اللہ بفضل ایزدی حاجت پوری ہو گی۔

مقصود حاصل ہونے تک بلا ناغہ یہ عمل جاری رکھیں۔

## حاجت روائی

جس کسی کو کسی بھی قسم کی دینی و دنیاوی حاجات ہوں اور ان کے پورا ہونے کی تدبیر سمجھ سے باہر ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز فجر پانچ مرتبہ سورۃ انعام شریف اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ نماز ظہر کے بعد چار مرتبہ اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ۔ نماز عصر کے بعد تین مرتبہ اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ۔ نماز مغرب کے بعد دو مرتبہ اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ بعد نماز عشاء سورۃ انعام ایک مرتبہ اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔

اس طریقے سے پندرہ مرتبہ روزانہ سورۃ انعام پندرہ کو پڑھے اور اپنے مقصد کے حصول کے لئے اللہ کے حضور دعا مانگے۔ انشاء اللہ جو بھی مشکل ہو گی بہت جلد



حل ہو جائے گی۔

تا حصول مقصد عمل جاری رکھیں۔

## مشکل سے نجات

کسی بھی قسم کی حاجت کی صورت میں اس کے پورا ہونے کے لئے ذیل کا عمل اختیار کریں۔

اس مقصد کے لئے روزانہ رات کو نصف رات کو اٹھ کر آٹھ رکعت نماز نفل اس طریق سے پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۃ انعام کی آیت ۔1 مرتبہ اور سورۃ اخلاص تین مرتبہ پڑھ کر نماز سے فارغ ہوں اس کے بعد اول وآخر درود شریف مقدس سات سات مرتبہ اور ایک سو ایک مرتبہ اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ نَفْسِیْ وَدِیْنِیْ وَ اَھْلِیْ وَمَالِیْ وَمِمَّا اَخَافُ مِنْ کَذَاوَ کَذَا (یہاں حاجت کا نام لے) اور پھر یوں دعا خشوع وخضوع کے ساتھ اللہ کے حضور مانگے۔

اے اللہ! میں تیری واحدانیت اور صمدیت کو جان کر تیرے میدان میں نکل آیا ہوں۔ میری احتیاج پوری کرنے پر تیرے سوا کوئی قادر نہیں ہے۔ اے رب تیری نعمتوں نے جب مجھے میری غلطیوں کی بناء پر پیٹھ دکھائی تو میری احتیاج شدید ہو گئی اور مجھے غم نے آن گھیرا (یہاں اپنی حاجت کا نام لے) اور تو ہی اس کو دفع کرنا جانتا ہے۔ اے میرے اللہ! اپنے پیارے حبیب حضرت محمد ﷺ اور ان کی آل کے طفیل میری حاجت کو پورا کردے اور میری مشکل کو آسان فرما دے اور میرے لئے کفایت عطا فرما۔ میں تیری رضا اور قدرت پر

شاکر ہوں اور تیرے حضور ملتجی ہوں میرے حال پر رحم فرما، رحم فرما بحق محمد الرسول اللہ ﷺ آمین۔

یہ عمل تا مقصود حاجت اتنے دن روزانہ جاری رکھے۔ انشاء اللہ بہت جلد حاجت برآئے گی اور اس مصیبت، مشکل سے نجات مل جائے گی۔

## حاجت کے لئے

ہر جائز حاجت دینی و دنیاوی کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے چاند کے مہینے کی پہلی اتوار کو بعد از سنت نماز فجر پہلے روز سورۃ انعام کو سات مرتبہ پڑھے۔ پھر یہ دعا پڑھے یَا مُفَتِّحُ اِفْتَحْ یَا مُفَرِّجُ فَرِّجْ یَا مُسَبِّبُ یَا مُسَهِّلُ سَهِّلْ یَا مُیَسِّرُ یَسِّرْ یَا مُتَمِّمُ اس کے بعد درود چشتیہ سو مرتبہ پڑھے پھر اپنی حاجت اللہ تعالیٰ سے مانگے۔ دوسرے دن یہی عمل چھ بار سورۃ انعام کے ساتھ۔ تیسرے دن یہی عمل پانچ بار سورۃ انعام کے ساتھ چوتھے دن یہی عمل چار بار سورۃ انعام کے ساتھ پانچویں دن یہی عمل تین بار سورۃ انعام کے ساتھ۔ چھٹے دن یہی عمل دو بار سورۃ انعام کے ساتھ اور ساتویں دن یہی عمل ایک بار سورۃ انعام کے ساتھ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصود کے لئے عاجزی وانکساری کے ساتھ دعا مانگے۔ اول تو سات یوم کے عمل سے ہی حاجت برآئے گی اور اگر کوئی بہت ہی سخت قسم کا معاملہ ہو تو اس کو مسلسل سات ہفتے تک جاری رکھیں انشاء اللہ وہ حاجت اللہ رب العزت برلائیں گے۔



## حاجت براری

ہر قسم کی جائز حاجات کے لئے ذیل کا عمل تیر بہدف اور انتہائی سریع الاثر ہے۔ اس مقصد کے لئے ہر روز باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر مقررہ وقت پر سات مرتبہ سورۃ انعام اول و آخر درود شریف قرآنی اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور نہایت عجز و انکساری کے ساتھ دعا مانگے۔ انشاء اللہ چند دنوں میں بفضل ایزدی اس کے لئے غیب سے اسباب پیدا ہوں گے اور وہ حاجت پوری ہو جائے گی۔

تا حصول حاجت براری یہ عمل جاری رکھیں۔

## جائز حاجت کے لئے

ہر طرح کی جائز حاجات کے لئے ذیل کا عمل مفید اور کارآمد ہے اس مقصد کے لئے چاند کے مہینہ کے شروع میں جمعرات یا جمعہ کو اس عمل کو بہ طریق ذیل شروع کرے کہ یہ عمل ہر روز بلاناغہ چالیس یوم تک پڑھتا رہے۔ اس عمل کے لئے ہر قسم کا پرہیز ترک جمالی وجلالی اختیار کرے اور خلوت میں بعد از نماز فجر سورہ انعام بمعہ بسم اللہ شریف و آمین کے دس مرتبہ معہ اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے اگر اس قدر تعداد نہ پڑھ سکتا ہو تو سات بار لازماً پڑھا کرے۔ چالیس دن کے بلاناغہ عمل کی بدولت وہ حاجت خواہ کیسی ہی کیوں نہ ہو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے پوری ہو جائے گی اور بے سکونی ختم ہو جائے گی۔

# کھیل میں کامیابی

اس مقصد کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس کے لئے نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد سات مرتبہ سورۃ انعام بمعہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگے۔ کھیل کے میدان میں جانے سے قبل باوضو حالت میں ایک مرتبہ سورۃ انعام پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور یا فتاح کا ورد کرتا ہوا جائے انشاء اللہ کھیل کے میدان میں نمایاں کامیابی حاصل کرے گا۔

# امتحان میں کامیابی

طالب علموں اور دوسرے حضرات جو کسی امتحان میں کامیابی کے خواہش مند ہوں ان کے لئے سورۃ انعام سے مدد لینا بہت مفید ہوتا ہے جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اللہ تعالیٰ اسے امتحان میں کامیابی عطا فرمائے تو اسے چاہئے کہ وہ امتحانات کے آغاز سے چند دن قبل سورۃ انعام اس طرح سے پڑھنا شروع کرے کہ عصر کی نماز اور مغرب کی نماز کے درمیانی وقفہ میں باوضو حالت میں قبلہ رو ہو کر بیٹھے اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ پانچ مرتبہ سورۃ انعام پڑھے چالیس یوم تک بلاناغہ پڑھے جن دنوں میں امتحان ہو رہے ہوں ان دنوں میں بھی ناغہ نہ کرے اور برابر پڑھے، امتحانات جب ختم ہو جائیں تو پھر بھی پڑھے یعنی جس دن سے شروع کرے اس دن سے لے کر چالیس یوم تک بلاناغہ پڑھے، انشاء اللہ تعالیٰ



سورۃ انعام کی برکت سے اللہ تعالیٰ امتحانات میں کامیابی سے نوازے گا۔ ہر روز سورۃ انعام پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے امتحان میں کامیابی کے لئے دعا مانگے بفضل باری تعالیٰ ناکامی نہ ہوگی اور کامیابی قدم چومے گی۔

# نمایاں کامیابی

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ وہ امتحان میں کامیابی حاصل کرے اور نمایاں پوزیشن حاصل کرے تو ایسے میں ذیل کا عمل اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے امتحانات شروع ہونے سے پہلے سورۃ انعام اس طریقے سے شروع کرے کہ عصر اور مغرب کی نمازوں کے درمیان قبلہ رخ بیٹھ کر پانچ مرتبہ سورۃ انعام بمعہ بسم اللہ شریف اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے اس عمل کو چالیس یوم تک بلاناغہ جاری رکھے۔ امتحان کے دنوں میں بھی اس کا ناغہ نہ کرے اور ہر حال میں مسلسل چالیس یوم تک اس عمل کی مداومت جاری رکھے اور بعد ازاں دعا بھی اللہ کے حضور مانگے۔

اس عمل کی بدولت اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے امتحان میں نمایاں کامیابی عطا فرما دیں گے۔

# قرض کی ادائیگی

اگر کوئی قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا ہو قرض کی ادائیگی کی بظاہر کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو جبکہ قرض خواہ اسے حد سے زیادہ تنگ کرتا ہو اور کسی طرح بھی

مہلت دینے کے لئے آمادہ نہ ہوتا ہو قرض خواہ کے سختی کے ساتھ تقاضوں سے بہت پریشان ہو تو اسے چاہئے کہ وہ ہر نماز کے بعد اول و آخر سات مرتبہ درود شریف پڑھے درمیان میں پانچ مرتبہ سورۃ انعام پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو انشاء اللہ چالیس یوم کے اندر اندر قرض ادائیگی کے اسباب پیدا ہو جائیں گے اور جلد ہی قرض ادا ہو جائے گا اس کے علاوہ قرض خواہ کے تقاضوں کو روکنے کے لئے کسی بھی چیز پر پانچ مرتبہ سورۃ انعام پڑھ کر دم کرے اور اس کو کھلا دے انشاء اللہ تعالیٰ قرض خواہ قرض کی ادائیگی کے سلسلہ میں تنگ نہ کرے گا اور سورۃ انعام کی برکت واثر کی وجہ سے قرضدار کو مہلت دیگا قرضدار کی پریشانی دور ہو جائے گی۔

## قرض سے نجات

قرض سے نجات حاصل کرنے کی غرض سے فجر کی نماز کے بعد ہر روز بلاناغہ 7 مرتبہ سورۃ انعام پڑھے اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد دعا مانگے کہ یا اللہ سورۃ انعام کی برکت سے اور حضور نبی کریم ﷺ کے طفیل مجھے قرض کے بوجھ سے نجات عطا فرما اور قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا فرما۔ بفضل باری تعالیٰ تھوڑے سے دنوں کے عمل سے ہی قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا ہو جائیں گے اور قرض ادا ہو جائے گا اور ذلت وخواری سے نجات مل جائے گی۔

## ادائیگی قرض

قرض سے نجات کے لئے ذیل کا عمل مفید اور نافع ہے۔



اس مقصد کے لئے ہر روز بعد از نماز فجر 5 مرتبہ سورۃ انعام اور اول و آخر درود شریف تیرہ تیرہ بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور یوں دعا مانگے۔ یاالٰہی بحرمت سورۃ انعام اور باوسیلہ حضور نبی کریم ﷺ اپنی بارگاہ سے مجھے قرض کی ادائیگی سے سرفراز فرما اور اس کے اسباب پیدا فرما۔

انشاء اللہ تھوڑے دنوں کے عمل سے ہی اس قرض کے بوجھ سے نجات پانا شروع ہو جائے گا تا حصول مقصود مکمل اس عمل کو جاری رکھے۔

## قرض کا بوجھ

جو کوئی شخص حد سے زیادہ مقروض ہو گیا ہو اور قرض خواہ کسی پل اسے چین نہ لینے دیتے ہوں اور نجات کی صورت نظر نہ آتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز عشاء چار مرتبہ سورۃ انعام معہ اول و آخر درود شریف غوثیہ اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگے انشاء اللہ چالیس یوم کے بلاناغہ عمل سے غیب سے قرض کی ادائیگی کے اسباب غیب سے پیدا ہو جائیں گے اور قرض کے بوجھ سے نجات حاصل ہو جائے گی۔

## مفلسی سے نجات

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کی تنگدستی دور ہو جائے اس کی روزی فراخ ہو جائے اس کے ہاں دولت کی ریل پیل ہو جائے تو اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے

بعد توجہ ویکسوئی کے ساتھ سات مرتبہ سورۂ انعام پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرے انشاء اللہ تعالیٰ وہ جو بھی دعا مانگے گا بارگاہِ الٰہی میں قبول ہوگی اس کی تنگدستی سورہ انعام کی برکت سے دور ہو جائے گی اللہ تعالیٰ پردہ غیب سے اس کی روزی کے ایسے اسباب پیدا فرمائے گا کہ جس سے اس کی روزی فراخ ہو جائے گی اس کی تنگدستی خوش حالی میں بدل جائے گی یقین کامل اور توجہ ویکسوئی کے ساتھ عمل کو بلا ناغہ جاری رکھے بفضلِ باری تعالیٰ فیض ہوگا۔

## مال میں اضافہ

جو شخص فرائض عشاء اور وتروں کے درمیان سورۂ انعام ۸ مرتبہ ۲۶ روز تک پڑھے گا۔ اگر پڑھنے والا فقیر ہوگا مالدار ہو جائے گا۔

## رزق کی فراوانی

جو شخص فجر کی فرض اور سنتوں کے درمیان ۵ مرتبہ سورۃ انعام مداومت کے ساتھ پڑھتا رہے گا، حق تعالیٰ اس کو بغیر محنت ومشقت کے رزق عطا فرمائے گا۔

## تنگدستی دور ہو

اگر کوئی غربت اور تنگ دستی کے ہاتھوں سخت پریشان ہو اور اس وجہ سے حد سے زیادہ مفلس ہو گیا ہو تو ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر روز بعد از نماز فجر سورۃ انعام ۷ مرتبہ اول وآخر درود



شریف غوثیہ گیارہ گیارہ بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرے۔ انشاء اللہ بہت جلد غربت، تنگدستی اور مفلسی دور ہو جائے گی۔ مفلسی سے مکمل نجات کے لئے یہ عمل اکتالیس روز تک کرنا لازم ہے۔

## رزق میں اضافہ

جو کوئی رزق کی تنگی کے ہاتھوں سخت پریشان ہو روزمرہ کی جائز ضروریات بھی اس کی پوری نہ ہوتی ہوں اور وہ اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کے رزق میں وسعت پیدا ہو کر تنگدستی ختم ہو جائے تو ذیل کا عمل اس کام کے لئے بے حد مفید اور کارآمد ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر روز بعد از نماز سورۃ انعام تین مرتبہ معہ اول وآخر درود شریف تاج سات سات مرتبہ پڑھنے کا اپنا معمول بنالے اور اللہ تعالیٰ کے حضور دعا بھی مانگا کرے۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے اس کے رزق میں دن بدن اضافہ ہوتا جائے گا اور اتنی فراوانی ہو جائے گی جو اس کی توقع سے باہر ہو۔ شرط یہ ہے کہ ایمان کامل اور عاجزی وانکساری سے بالیقین اس عمل کی مداومت کرے۔

## رزق میں برکت

رزق میں خیر وبرکت اور کشائش کے لئے ہر روز بلا ناغہ بعد نماز فجر سورۃ انعام تین مرتبہ اول وآخر درود شریف تاج گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے مقصد

کے حصول کے لئے اللہ تعالیٰ کے حضور بہ صمیم قلب دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے روزی کا بندوبست ہوگا اور اس کو معلوم بھی نہ ہوگا کہ میرے رزق میں روز افزوں ترقی کیسے ہو رہی ہے۔ اس عمل کی بدولت رزق میں کبھی بھی کمی نہ آئے گی۔

## دکان میں برکت

دکان میں خیر و برکت اور روزی میں اضافہ کے لئے سورۃ انعام کی تلاوت کرنا بہت جلد اپنا اثر دکھاتا ہے جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کے کاروبار میں ترقی ہو کاروبار خوب چلے دکان پر گاہکوں کی آمد و رفت لگی رہے تو اسے چاہیے کہ جب دکان کھولے تو پہلے تین مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد سورۃ انعام کی تلاوت کرے دو مرتبہ سورۃ انعام پڑھ کر دکان کے چاروں کونوں میں دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دکان میں خوب برکت پیدا ہوگی اور وافر مقدار میں روزی نصیب ہوگی۔

## کاروبار میں اضافہ

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کا کاروبار چمکے اور اس میں برکت پیدا ہو جائے تو ایسے میں وہ ذیل کا عمل ہمیشہ کے لئے اختیار کرے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت کاروبار میں کبھی مندا نہیں آئے گا۔ بلکہ روز افزوں ترقی ہوگی۔

اس مقصد کے لئے ہر روز ہر نماز کے بعد دو مرتبہ سورۃ انعام اول و آخر درود شریف تاج گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگا کرے۔



## کاروبار کی ترقی

کاروبار کی ترقی کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کیلئے دکان کھولنے سے پہلے یَا اَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ گیارہ مرتبہ، سورۃ انعام تین مرتبہ سورۃ اخلاص تین مرتبہ۔ یَافَتَّاحُ یَارَزَّاقُ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دکان کا تالا کھولے اور پھر دکان میں قدم رکھے انشاء اللہ اس عمل سے خوب بکری ہوگی۔

## کاروبار میں ترقی

اگر کسی کا چلتا ہوا کاروبار کسی بھی وجہ سے اچانک رک گیا ہو اور وہ مالی مشکلات میں پھنس گیا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل کارگر ہے۔

اس مقصد کے لئے نئے چاند کی پہلی پیر کو بعد از طلوع آفتاب باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے سورۃ فاتحہ لکھے۔ خوشبو لگا کر سورۃ انعام دو مرتبہ، اول و آخر درود پاک تاج گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کرے اور اس کو اپنی کاروباری جگہ پر اونچے مقام پر لٹکا دے یا اپنے مال تجارت میں رکھ دے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت رکا ہوا کاروبار دوبارہ چل پڑے گا اور دن بدن ترقی کرتا جائے گا۔

## ملازمت میں ترقی

جس کسی کی اپنے عہدہ پر ترقی باوجود استحقاق کے رکی ہوئی ہو اور اس کو اس

کا جائز حق نہ ملتا ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز عشاء سورۃ انعام دس مرتبہ، اول و آخر درود شریف ہزارہ اکیس اکیس مرتبہ اور سو مرتبہ استغفار پڑھ کر اپنے لئے اللہ رب العزت کی بارگاہ میں دعا مانگے۔ انشاء اللہ چار یوم کے بلاناغہ عمل سے اس کا استحقاق بفضل ایزدی اسے مل جائے گا اور اس کی ترقی ہو جائے گی۔

## حصول روزگار

جو شخص حصول روزگار کے سلسلہ میں پریشان ہو اور کوئی سبیل نظر نہ آتی ہو تو ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ بعد نماز فجر اول و آخر درود شریف تاج گیارہ گیارہ مرتبہ۔ سورۃ انعام دو بار۔ سورۃ اخلاص گیارہ مرتبہ۔ یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ ایک سو ایک مرتبہ رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ گیارہ مرتبہ پڑھ کر سجدہ میں اللہ کے حضور دعا کریں انشاء اللہ اکیس روز کے عمل سے سبیل روزگار پیدا ہو جائے گا۔

## روزگار میں ترقی

بے روزگار افراد کے لئے یہ عمل بہت ہی نافع اور شافی ہے۔ اس عمل کی بدولت بیروزگاری کا خاتمہ ہو کر روزگار کی صورت پیدا ہو جاتی ہے اور غم و فکر روزگار سے نجات مل جاتی ہے۔

اس مقصد کے لئے چاند کے مہینہ میں پہلے جمعہ کو بعد از نماز فجر سورۃ انعام



پانچ مرتبہ اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا ذیل مانگے انشاء اللہ اس عمل کی بدولت سے مقصود حاصل ہوگا۔ یہ عمل اکتالیس دن بلا ناغہ کرنا ہے۔ دعا یہ ہے۔

یَا مُفَتِّحُ فَتِّحْ یَا مُفَرِّجُ فَرِّجْ یَا مُسَبِّبًا سَبَبًا یَا مُیَسِّرُ یَسِّرْ یَا مُسَهِّلُ سَهِّلْ یَا مُتَمِّمُ تَمِّمْ وَ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلَ۔

## حصول ملازمت

اگر کوئی اچھی سی ملازمت کے لئے باوصف کوشش و بسیار کے کامیاب نہ ہو سکے تو اس کے حصول کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از ہر نماز تین مرتبہ سورۃ انعام اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھے اور اللہ کے حضور دعا مانگے جب کسی جگہ ملازمت کیلئے درخواست دے تو اس درخواست پر دو مرتبہ سورۃ انعام اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھ کر دم کرے اور اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزی و انکساری سے دعا مانگ کر پھر درخواست کو بھیجے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت حسب الخواہش ملازمت مل جائے گی تا حصول مقصد اس عمل کو جاری رکھے ناغہ بالکل نہ کرے۔

## حسب خواہش تبادلہ

اگر کسی کا تبادلہ کسی ایسی جگہ ہو گیا ہو جہاں اس کے لئے کافی زیادہ مشکلات ہو اور وہ کسی اچھی جگہ تبادلہ کا خواہش مند ہو تو ذیل کا عمل نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے اول وآخر درود شریف غوثیہ گیارہ گیارہ مرتبہ۔ سورۃ انعام تین مرتبہ۔ سورۃ اخلاص اکیس مرتبہ۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ ایک سو ایک مرتبہ اور آیت کریمہ ایک سو ایک بار پڑھ کر اللہ کے حضور گڑگڑا کر دعا مانگے۔ انشاء اللہ گیارہ یوم کے عمل سے بفضل ایزدی مقصود حل ہو جائے گا۔ یہ عمل بعد از نماز عشاء کرنا ہے۔

## پیداوار میں اضافہ

إِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰى ؕ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ.

(سورۃ انعام، آیت، ۹۵)

ترجمہ: بیشک اللہ ہی دانے اور گٹھلی کا پھاڑنے والا، نکالتا ہے زندہ مردے سے اور وہی ہے زندہ سے مردہ نکالنے والا، یہی تو خدا ہے پھر تم کہاں بہکے جا رہے ہو۔

خاصیت: اگر ان آیتوں کو زعفران اور کافور سے پاک برتن میں لکھ کر کنوئیں کے پانی سے دھوئے اور جن جن غلوں کو بونا منظور ہو ان غلوں پر یہ پانی ڈال کر بوئے تو انشاء اللہ تعالیٰ کھیتی اچھی ہو۔ درخت جلد اگیں۔ پھل اچھے آئیں اور خوشگوار ہوں اور سارے حیوانات سے محفوظ رہیں (درالنظیم) اور وظیفہ کریمہ میں ہے کہ اگر عورت چاندی کی تختی پر ان آیتوں کو لکھوا کر اپنے سر میں رکھے تو بحکم اللہ حاملہ ہو اگرچہ مایوس ہو گئی ہو۔



## مرتبہ کے لئے

اگر کوئی شخص اس بات کا آرزومند ہو کہ وہ کسی باعزت دنیاوی مقام پر پہنچ جائے اور ہر ایک اس کی بات مانے تو اس کے لئے ذیل کا عمل مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر نماز کے بعد حصول مقصد کے لئے پانچ مرتبہ سورۃ انعام اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگنے کی عادت ڈال لے۔ انشاء اللہ اس عمل کی ہمیشگی سے مطلوبہ مقصد نہ صرف حاصل ہوگا بلکہ مزید عزت وآبرو میں دن بدن اضافہ ہوتا جائے گا۔

## عزت افزائی کے لئے

جو کوئی کسی مجلس میں جاتے وقت اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کی ہاں عزت افزائی ہو اور ایک اس کی آؤ بھگت کرے تو اس کے لئے لازم ہے کہ وہ ذیل کا عمل کر کے وہاں جائے۔

اول وآخر درود شریف تین تین مرتبہ اور دو مرتبہ سورۃ انعام پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور راستے میں یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ کا ورد کرتا ہوا وہاں جائے انشاء اللہ اس مجلس میں اس کی توقع سے کہیں بڑھ کر عزت افزائی ہوگی۔

## عزت واحترام

جو کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ اسے دنیا میں عزت وبرکت ملے اور وہ ہر جگہ معزز

کہلائے تو اس کے لئے ذیل کا عمل بہت ہی مفید ہے۔ اس مقصد کے لئے بعداز نماز فجر سورۃ انعام تین مرتبہ۔ بعداز نماز ظہر چار مرتبہ۔ بعداز نماز عصر پانچ مرتبہ۔ بعداز نماز مغرب چھ مرتبہ اور بعداز نماز عشاء سات مرتبہ بمعہ اول و آخر درود شریف ہر دفعہ گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور ہر بار اپنے مقصود کے لئے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ اسے عزت و مرتبہ سے نوازیں گے۔ روزانہ کے عمل سے ہر جگہ بے پناہ عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔

## تسخیر حاکم کے لئے

جس کسی کو حاکم وقت یا اس کے مقرر کردہ کسی بھی بڑے آفیسر سے کوئی سخت کام در پیش ہو اور وہ اس بات سے ڈرتا ہو کہ حاکم وقت یا وہ آفیسر کام کرنے کی بجائے الٹا ناراض ہو کر کچھ نقصان نہ پہنچائے تو ایسی صورت میں ذیل کا عمل بے حد کارگر ہے۔

اس مقصد کے لئے جمعہ کے دن پہلی ساعت زہرہ میں چینی کی پلیٹ پر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر مشک زعفران سے سورۃ انعام کا نقش لکھے پر اس کو عرق گلاب سے دھو کر اس عرق کو کسی شیشی میں محفوظ کرے۔ اس عرق پر تین بار سورۃ انعام اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ متعلقہ حاکم یا آفیسر کے پاس جانے سے قبل تھوڑا سا عرق ہاتھ پر مل کر اپنے چہرے کے اوپر پھیرے۔ پھر حاکم کے پاس جائے۔ انشاء اللہ وہ حاکم کمال مہربانی سے پیش آئے گا اور جائز کام بلا کسی حیل و حجت کے انجام دے گا۔



## مطیع و فرمانبرداری

جو کوئی کسی ایسی جگہ یا ایسے شہر میں کسی کام کی غرض سے گیا ہو جہاں پر اس کی کوئی واقفیت نہ ہو وہاں پر انجان لوگوں سے اس کا واسطہ ہو تو اسے چاہئے کہ وہ نماز ظہر کے بعد سات مرتبہ سورۃ انعام پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء تعالیٰ جو بھی اس سے ملے گا اچھا سلوک کریگا اور عزت و احترام سے پیش آئے گا۔

## تسخیر محبت

اگر کوئی شخص کسی ایسی جگہ پہلی مرتبہ گیا ہو جہاں اس کا کوئی بھی واقف کار نہ ہو اور وہ چاہے کہ وہاں کے لوگ اس سے عزت و آبرو کے ساتھ پیش ائیں تو ایسے میں ذیل کا عمل کارگر ہے۔

اس مقصد کے لئے بعداز نماز ظہر سات مرتبہ سورۃ انعام، اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور اپنے نیک مقصد کے لئے دعا مانگے اور اپنے اوپر دم بھی کرے اور پھر اس جگہ جائے۔

انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے وہاں کے لوگ عزت و احترام سے پیش آئیں گے۔

## تسخیر مطلوب

اگر کوئی کسی سے محبت کرنا چاہے تو ایک مرتبہ سورۃ انعام کو مع ذیل کے

آیت معہ عبادت کو ۱۵۱۰ مرتبہ پڑھ کر پھولوں پر یا شیرینی پر دم کر کے اُس شخص کو سُونگھائے یا کھلائے، بیشک مطلوب اس کے حکم کا فرمانبردار ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ ٥یا رفیق یا شفیق سجّنی مِن کلّ ضیقٍ ٥(سورۃ یوسف۔ آیت۔ ۱۸)

## شوہر کی فرمانبرداری

اگر کسی کا خاوند بری صحبت میں اٹھتا بیٹھتا ہو اور بیوی کو بے جا تنگ اور ناجائز معاملات پر مجبور کرتا ہو اور اصلاح کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو تو ایسے میں اصلاح کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

ہر روز بعد از نماز فجر باوضو حالت میں بیوی کسی میٹھی شے یا پانی پر سورۃ انعام دو مرتبہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر کسی نہ کسی طرح مرد کو کھلایا پلادیا کرے۔ نیز دو بار سورۃ انعام تین بار سورۃ اخلاص اور اول و آخر درود شریف ابراہیمی تین تین بار پڑھ کر خاوند پر براہ راست یا اس کا تصور کر کے ہر نماز کے بعد دم بھی کیا کرے۔

انشاء اللہ اکیس یوم کے بلاناغہ عمل سے خاوند راہ راست پر آجائے گا اور بری عادات سے توبہ کرلے گا۔ اگر یہ عمل تریسٹھ دن تک کرلیا جائے تو خاوند ہمیشہ کے لئے راہ راست پر آجائے گا اور کوئی بھی شے اس کے راستے میں رکاوٹ نہ بنے گی۔



## نیک اولاد کے لئے

اگر کسی کا کوئی بچہ حد سے زیادہ نافرمان ہو۔ بہت زیادہ غصیلی طبیعت والا ہو۔ بات بات پر لڑنے مرنے کے لئے تیار ہو جاتا ہو۔ حد سے زیادہ اکھڑ پن ہو اور کسی بھی نصیحت کو سننے کی بجائے آگے سے ہذیان بکے۔ ہر حربہ اختیار کرنے کے باوجود بھی اس کی اصلاح کا کوئی حل نہ ملتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل نافع اور کارگر ہے۔ اس مقصد کے لئے اور بعد از نماز عصر تا مغرب کے دوران سورۃ انعام پانچ مرتبہ اول و آخر درود شریف غوثیہ گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اس کے لئے اللہ کے حضور دعا کریں اور اسی کا پانی دم کر کے اسے پلائیں۔

انشاء اللہ گیارہ یوم کے عمل سے اس میں بے حد تبدیلی آجائے گی اور وہ اپنے اعمال سے توبہ کرے گا۔ مکمل فرمانبرداری اور تابع فرمان رکھنے کے لئے یہ عمل اکسٹھ یوم تک کرنے سے تازندگی نافرمانی کرنے کی جرات نہیں کرے گا۔

## میاں بیوی میں محبت

سورۃ انعام دس مرتبہ تنہائی میں پڑھ کر کھانے کی چیز پر دم کر کے کھلائے مجرب ہے۔

## محبت کے لئے

اگر میاں بیوی میں ناچاقی ہوگئی ہو اور بات ضد کی حد تک پہنچ گئی ہو۔

دونوں ہی آپس میں صلح وصفائی اور کوئی اپنی شکست قبول کرنے پر راضی نہ ہو تو ایسے میں ان کے درمیان صلح وصفائی کروانے اور دوبارہ محبت پیدا کرنے کے لئے ذیل کا عمل مفید تر ہے۔

اس مقصد کے لئے چھ مرتبہ سورۃ انعام اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے پھر چار مرتبہ سورۃ انعام پڑھے۔

اس کے بعد پانی کو دم کرے اور یہ دم کیا ہوا پانی میاں بیوی کو پلا دیں۔ فوری طور پر دونوں کے اندر کا جوش واُبال ختم ہو جائے گا اور وہ صلح پر آمادہ نظر آئیں گے مکمل مقصد حاصل کرنے کے لئے اس عمل کو سات یوم تک کریں ان کے درمیان محبت یگانگت انمٹ پیدا ہو جائے گی۔

## صلح وصفائی کے لئے

اگر دو افراد کے درمیان محبت پیدا کرنا مقصود ہو تو ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے دو مرتبہ سورۃ انعام اول وآخر درود شریف نورانی گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر کسی بھی میٹھی شے پر دم کر کے دونوں فریقین کو کھلا دیں۔ انشاء اللہ اس عمل سے دونوں کے درمیان محبت پیدا ہو جائے گی۔

## ناچاقی دور ہو

جس گھر میں ناچاقی کی فضا ہر وقت قائم رہے اور لڑائی جھگڑا ہوتا رہے تو



ان کے درمیان اتفاق ومحبت پیدا کرنے کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

مقصد کے لئے گھر کا کوئی بھی فرد باوضو حالت میں تین مرتبہ سورۃ انعام معہ اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھ کر گھر کے تمام افراد پر اور گھر کے کونوں میں پھونک لگایا کرے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت گھر میں بہت جلد اتفاق ویگانگت کی بے مثال فضا پیدا ہوئے جائے گی۔ لڑائی جھگڑے ختم ہو جائیں گے۔

اکیس یوم تک بلا ناغہ مقررہ وقت پر اس عمل کو جاری رکھے تا آنکہ مقصود حقیقی حاصل ہو جائے۔

## صلح وصفائی کے لئے

دو بہن بھائیوں کے درمیان کسی وجہ سے دشمنی ہو گئی ہو اور وہ باوجود یکہ سمجھانے بجھانے کے صلح جوئی پر آمادہ نہ ہوں اور کوئی بھی تدبیر اس معاملے میں کام نہ دے تو ایسے میں ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بادام کی بیالیس گریاں لے کر ان پر ساتھ دن تک سورۃ انعام پانچ مرتبہ معہ بسم اللہ شریف۔ اول وآخر درود پاک تسخیر تین تین بار درود پاک پڑھیں اور دم کر کے کسی نہ کسی طرح ان کو کھلا دیں بفضل تعالیٰ اس عمل سے ان کے درمیان اتفاق ومحبت پیدا ہو جائے گا اور دشمنی ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائیگی۔ دم کرتے وقت یہ الفاظ دہرائیں اُجِبْ یَا اِلٰهِیْ فَلَانُ بِنْ فَلَانَ مَابَیْنَ فَلَان بِنْ فَلَانَ بِحُرْمَتِ سُوْرَہ الانعام۔

# شادی کی رکاوٹ

کشادہ بختی کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر جمعہ کی نماز کے بعد اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور سورۃ انعام دو مرتبہ پڑھ کر مولا کریم کے حضور اپنے مقصود کے لئے دعا مانگے۔ انشاء اللہ سات ہفتوں کے مسلسل عمل سے مقصود باری تعالیٰ پورا فرما دیں گے اور اس کے واضح اثرات ظاہر ہونا شروع ہو جائیں گے۔

# شادی کی رکاوٹ کے لئے

ایک مرتبہ اوّل و آخر درود کے بعد صبح و شام گیارہ مرتبہ چالیس دن تک پڑھیں۔ سورۃ انعام ایک مرتبہ اور سورۃ مریم ایک مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ حیرت انگیز طریقہ سے مسائل حل ہونگے۔

# اچھا رشتہ

اگر کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کا رشتہ کسی اچھی جگہ ہو جائے تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

ہر روز بعد از فجر اور نماز عشاء کسی سے بھی کلام کئے بغیر اپنے مقصد کو پیش نظر رکھ کر چار مرتبہ سورۃ انعام اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگے۔ انشاء اللہ چالیس یوم بلاناغہ عمل سے مقصود و منشاء حاصل ہو جائے



گا۔ جس قدر عاجزی و انکساری سے عمل کرے گا اتنی ہی جلدی نفع ملے گا۔

# رشتہ میں رکاوٹ

اگر کسی کی لڑکی کا رشتہ کہیں بھی نہ ہوتا ہو اور اس وجہ سے وہ سخت پریشان ہو اور ہر کوشش ناکام ہو چکی ہو تو ذیل کا عمل اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز عشاء دو رکعت نماز نفل بہ نیت حاجت براری پڑھے اس کے بعد قبلہ رخ بیٹھ کر انتہائی عاجزی و انکساری سے دو مرتبہ سورۃ انعام اول و آخر درود شریف سات سات مرتبہ اور اسم حسنیٰ یا لطیف 129 مرتبہ پڑھے اور اللہ کے حضور دعا مانگے۔ انشاء اللہ چالیس یوم بلاناغہ عمل سے مراد بفضل ایزدی پوری ہوگی اور اچھی جگہ رشتہ طے پا جائے گا اور تمام پریشانی دور ہو جائے گی۔

# نکاح کی رکاوٹ

اگر کسی کے نکاح میں بار بار رکاوٹ کسی بھی وجہ سے پڑ جاتی ہو اور عین وقت پر معاملہ کھٹائی میں پڑ جاتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل مجرب اور مفید ہے۔

اس کے لئے ہر روز بعد از نماز فجر کسی سے کلام کئے بغیر قبلہ رخ بیٹھ کر آٹھ مرتبہ سورۃ انعام اول و آخر درود پاک اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر اپنے مقصد کے حصول کے لئے دعا اللہ رب العزت کے حضور مانگے انشاء اللہ اس عمل کی گیارہ روز تک مداومت سے رکاوٹوں کے بادل چھٹ جائیں گے اور مطلوبہ مقصد حل ہو جائے گا۔ اگر گیارہ روز میں کسی وجہ سے مقصد حاصل نہ ہو تو اس عمل کو اکیس

روز تک جاری رکھے۔ مقصد بفضل باری تعالیٰ پورا ہوگا۔

ناجائز کاموں کے لئے یہ عمل بالکل نہ کریں۔

## بیماریوں سے نجات

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ، ثُمَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِرَبِّھِمْ یَعْدِلُوْنَ۔ (سورۃ انعام،6۔آیت،1)

ترجمہ: ہر طرح کی تعریف اللہ ہی کو زیبا ہے جس نے پیدا کئے آسمان اور زمین اور بنائے اندھیرے اور چاند پھر بھی یہ کافر اپنے پروردگار کے ساتھ (دوسروں کو) برابر کرتے ہیں۔

خاصیت: جو شخص ان آیتوں کو صبح وشام سات مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کرے اور تمام بدن اور سر پر ملے تو وہ ساری آفتوں اور بیماریوں سے محفوظ رہے۔ (درالنظیم)

## دشمن کی مغلوبی

اگر سورۂ انعام روزانہ پڑھا کریں تو ہر بلا سے امن میں رہیں۔ اور دشمن مغلوب مقہور ہو جائے گا۔

## آفات سے حفاظت

رسول اللہ ﷺ کے ارشاد کے مطابق جو شخص رات کو سوتے وقت سورۃ



انعام دو بار سورۃ اخلاص اور آیت الکرسی گیارہ گیارہ بار اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھ کر سویا کرے گا موت کے سوا ہر شے سے حفاظت میں رہے گا۔ آفات وبلیات اسے نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔

## آسیب سے نجات

جس کسی کو آسیب ہو گیا ہو اور اسے بہت تنگ کرتا ہوں اور اس سے چھٹکارا نظر نہ آتا ہو تو اس کے دفعیہ کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سورۃ انعام تین بار آیت الکرسی ایک مرتبہ اور ایک مرتبہ چہار قل۔ ایک مرتبہ سورۃ جن کی آیت ایک سے ۵ پڑھ کر پانی کو دم کریں اور آسیب زدہ کے چہرے پر ماریں اور آسیب زدہ کے گھر کے چاروں کونوں پر بھی چھینٹیں لگائیں انشاء اللہ اس عمل سے آسیب بھاگ جائے گا پھر کبھی اس طرح کا رخ بھی نہیں کرے گا۔

یہ عمل سات دن تک بلا ناغہ کریں تاکہ زندگی بھر اس کا اثر قائم رہے۔

## آسیب کا علاج

آسیب زدہ کے علاج کے لئے ذیل کا عمل فائدہ مند ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر بعد از نماز عصر آٹھ مرتبہ سورۃ انعام اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھ کر پانی پر دم کریں اور آسیب زدہ کو پلائیں۔ یہ عمل گیارہ روز بلا ناغہ جاری رکھیں۔ انشاء اللہ آسیب

سے کلی چھٹکارامل جائے گا۔

## نظر بد کے لئے

اگر کسی بچے کو نظر بدلگ گئی ہو اور وہ بہت بے چین ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں تین مرتبہ سورۃ انعام اول و آخر درود شریف شفاء تین تین مرتبہ پڑھ کے بچے پر دم کریں۔ بچے کو اسی وقت سکون ملے گا۔

تین دن کے عمل سے نظر بد کا اثر ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے گا۔

## نظر بد سے بچاؤ

نظر بد کے علاج کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس کے لئے زعفران وگلاب سے سورۃ انعام کا نقش باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سفید کاغذ پر لکھ کر اس کے اردگرد حاشیہ بنائیں اور حاشئے کے چاروں طرف آیت الکرسی لکھ دیں۔ پھر خوشبو لگا کر اس پر سورۃ انعام دو بار آیت الکرسی سات بار اور درود شریف شفاء سات بار پڑھ کر دم کریں۔ موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈالیں چند یوم کے اندر اندر نظر بد سے شفاء کاملہ حاصل ہوگی۔

## نظر بد سے حفاظت

جس کسی کو نظر بد ہو گئی ہو اور اس کی وجہ سے طبیعت بے چین اور بے سکون رہتی



ہو اور کسی بھی طرح آرام نہ آتا ہو تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل شفاء بخش ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز فجر قبلہ رخ بیٹھ کر کسی سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے سورۃ انعام بمعہ بسم اللہ شریف لکھے پھر اس پر خوشبو لگا کر اس پر سورۃ انعام بمعہ بسم اللہ شریف اور اول و آخر درود شفاء سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اسے موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈالیں اس عمل سے مریض چند یوم میں مکمل طور پر شفایاب ہو جائے گا اور آئندہ کے لئے اس مرض سے محفوظ رہے گا۔

## شیطانی شر سے نجات

جو شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ وہ ہر قسم کے شیطانی وسواس اور شر سے محفوظ رہے اور نیکی کی راہ پر چلتا رہے تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور کارگر ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز مغرب ہر روز دو مرتبہ سورۃ انعام اول و آخر درود شریف تین تین بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصود کے لئے عاجزی و انکساری سے دعا مانگے۔

انشاء اللہ چالیس یوم کے مسلسل بلاناغہ عمل سے مقصود حاصل ہو جائے گا اور کبھی بھی شیطانی وساوس تنگ نہ کریں گے۔

## شیطانی خیالات سے بچاؤ

جس کسی کو حد سے زیادہ شیطانی خیالات آتے ہوں اور ان کی بدولت

برے اور گندے کاموں میں ملوث ہو، صحت دن بدن خراب ہو رہی ہو کسی بھی طرح ان خیالات و عادات سے چھٹکارا نہ ہوتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور شفاء بخش ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر روز رات کو سونے سے قبل وضو کرے پھر بستر پر چت لیٹ کر دو مرتبہ سورۃ انعام اول و آخر درود شفاء سات سات مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر کے سو جائے۔ صبح کو اٹھ کر نماز فجر کی سنتیں ادا کر کے فرضوں۔ کے بعد دو مرتبہ سورۃ انعام اول و آخر درود شریف شفاء گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی کو دم کرے اور اسی وقت نہار منہ پی جائے۔ پھر فرض پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا اپنے لئے مانگے کہ مولا کریم اپنے فضل و کرم سے اس سورۃ انعام کی حرمت کے طفیل راہ راستی دکھلائیں۔

انشاء اللہ چند یوم کے بلاناغہ عمل سے طبیعت خود بخود ان چیزوں سے نفرت کھائے گی اور شیطانی وساوس اور خیالات رفتہ رفتہ ختم ہو کر نیک کاموں کی طرف ذہن راغب ہو جائے گا تا حصول مکمل مقصد اس عمل کو جاری رکھیں۔

## فحش گوئی سے نجات

اگر کوئی شخص حد سے زیادہ بداخلاق، بدزبان اور بدخو ہو گیا ہو اور اصلاح احوال کی صورت نظر نہ آتی ہو لوگ اس کے رویے سے سخت تنگ ہوں تو ایسے میں ذیل کا عمل کارگر ہے۔

اس مقصد کے لئے تھوڑی سی مٹھائی، شربت یا پانی لے کر اس پر باوضو



حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر پانچ مرتبہ سورۃ انعام بمعہ اول و آخر درود شریف ابراہیمی گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس کو کسی نہ کسی طرح کھلا یا پلا دیں۔ یہ عمل کوشش کر کے کئی روز تک جاری رکھیں اس عمل کی بدولت وہ اپنے گناہوں سے تائب ہو کر بدزبانی، بداخلاقی اور یاوہ گوئی سے باز آ جائے گا اور ہر شخص سکون و اطمینان کی سانس لے گا۔

اگر وہ شخص خود اپنی عادت بدلنے کا خواہاں ہو تو اس عمل کو چالیس یوم بلاناغہ کرے پھر نظارہ قدرت ملاحظہ کرے۔ نہایت اکسیر عمل ہے۔

## بدزبانی سے نجات

اگر کسی شخص کا اخلاق درست نہ ہو ہر وقت بدزبانی کرتا رہتا ہو کسی کے سمجھانے پر بھی ٹھیک نہ ہوتا ہو اور سمجھانے والوں کے ساتھ بھی بدزبانی کرتا ہو تو ہر روز پانچ مرتبہ سورۃ انعام پڑھ کر پانی پر دم کرے اور یہ دم کیا ہوا پانی اس کو پلا دے چالیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی بدزبانی کی عادت جاتی رہے گی وہ راہ راست پر آ جائے گا اس میں ضبط و برداشت پیدا ہو گی کسی کے ساتھ بداخلاقی سے پیش نہ آئے گا۔

## جھوٹ سے نجات

اگر کوئی بھی جھوٹ کی عادت میں اس قدر راسخ ہو گیا ہو کہ باوجود یکہ کوشش و بسیار سے اس سے چھٹکارا نہ ملتا ہو اور اپنی اس عادت کے ہاتھوں تنگ

ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر روز صبح کو نماز فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سورۃ انعام پانچ مرتبہ اول و آخر درود شریف نورانی گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور اللہ تعالیٰ کے حضور دعا بھی مانگے۔ بفضل باری تعالیٰ جھوٹ کی عادت سے اکیس یوم تک بلاناغہ عمل کرنے سے جان جھوٹ جائے گی۔ زبان سیف ہو جائے گی اور ہر جگہ ذلت و شرمساری اٹھانے سے نجات مل جائے گی۔

## جادو سے نجات

جس کسی پر جادو ٹونہ کر دیا گیا ہو اور اس وجہ سے وہ تکلیف میں مبتلا رہتا ہو تو ایسے میں اس کا اثر زائل کرنے کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد نماز فجر اور نماز مغرب آٹھ مرتبہ سورۃ انعام، اول و آخر درود شریف اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کیا کرے۔ انشاء اللہ چند یوم کے بلاناغہ عمل سے اس سے نجات مل جائے گی۔ بہتر ہے کہ مکمل اکیس روز تک کرے۔ تا کہ پھر دوبارہ کسی کے جادو ٹونے کا اثر کبھی نہ ہو۔

## صحت و تندرستی کے لئے

جو شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ وہ ہمیشہ صحت مند اور تندرست و توانا رہے تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور مجرب ہے۔

وہ شخص بعد از نماز فجر اور نماز مغرب تین مرتبہ سورۃ انعام اور تین تین مرتبہ



چہار قل اول و آخر درود شریف ابراہیمی گیارہ گیارہ بار پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے اپنے پورے جسم پر پھیر لیا کرے۔ انشاء اللہ روزانہ کے اس عمل سے کبھی بھی بیمار نہ ہوگا اور ہمیشہ صحت مند اور تندرست رہے گا۔

## بیماری سے نجات

ایسی بیماری جس میں کسی بھی طرح افاقہ نہ ہوتا ہر علاج کروا کر تنگ آ گئے ہوں تو باوضو حالت میں کاغ پر سورۃ انعام کا نقش لکھ کر پانی کی بوتل میں ڈال دے اور ہر روز یہ پانی مریض کو پلائے تو انشاء اللہ تعالیٰ مرض میں افاقہ ہوگا اور رفتہ رفتہ مرض کی شدت بھی کمی ہونا شروع ہو جائے گی اللہ تعالیٰ اپنا خاص فضل و کرم نازل فرمائے گا اور شفائے کاملہ سے نوازے گا۔

## ہر بیماری کے لئے

ہر قسم کی بیماری سے شفاء کے لئے ذیل کا عمل مجرب و مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر روز بعد از نماز فجر سات مرتبہ سورۃ انعام اول و آخر درود شریف شفاء گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگے اور اس کو پانی پر دم کر کے مریض کو دن میں کم از کم تین بار پلائیں اور مریض کے اوپر دم بھی کریں اور پیاس کی شدت میں یہی دم والا پانی ہی مریض کو استعمال کرائیں۔

انشاء اللہ اس عمل کی بدولت بیماری جڑ سے رفع ہو جائے گی۔ مکمل صحت یابی کے لئے گیارہ روز تک عمل کرنا لازمی ہے۔

# صحت یابی کے لئے

اس مقصد کے لئے ہر نماز کے بعد سورۃ انعام کو روٹی کے ایک ٹکڑے پر تین بار بمعہ اول و آخر درود شریف تین تین بار پڑھ کر دم کریں اور اس کو مریض کے دائیں کان میں پھاہے کی مانند رکھ دیں۔

دوسرے ٹکڑے پر سورہ انعام تین بار بمعہ اول و آخر درود شریف تین تین بار پڑھ کر مریض کے بائیں کان میں پھاہے کی مانند رکھ دیں۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت مریض مکمل شفایاب ہوگا اور بفضل ایزدی بخار دوبارہ کبھی بھی نہیں چڑھے گا۔

زیادہ سے زیادہ یہ عمل تین بار کریں تا کہ مکمل ترین شفاء حاصل ہو جائے۔

# پرانے امراض کے لئے

چینی کی تشتری میں گلاب و مشک و پلیٹ زعفران سے سورۃ انعام کا نقش لکھ کر اور دھو کر پرانی بیماریوں کے لئے چالیس دن تک پلائیں۔

# لاعلاج امراض

ایسے مریض جن کے مرض کو ڈاکٹروں اور حکماء نے لاعلاج قرار دے دیا ہو اور وہ اس وجہ سے اپنی زندگی کی امید کھو بیٹھے ہوں تو ایسے افراد کے لئے ذیل کا عمل اکسیر اعظم ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر چینی کی ایک پلیٹ پر



سورۃ انعام کا نقش بمعہ بسم اللہ شریف اور یَاحَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَتِہٖ مَلٰئِکَتِہٖ وَبَقَائِہٖ یَا حَیُّ لکھیں۔ زعفران و گلاب سے لکھنے کے بعد تازہ پانی سے پلیٹ کو دھو کر اس پانی کو بوتل میں جمع کر لیں۔ مریض یہ پانی دن میں وقفے وقفے سے دو دو گھونٹ کر کے استعمال کرے روزانہ یہ عمل تا مکمل شفاء جاری رکھیں انشاء اللہ مرض جڑ سے ختم ہو جائے گا اور مریض مکمل صحت یاب ہو جائے گا۔

# موذی مرض سے نجات

اگر کوئی شخص موذی مرض میں مبتلا ہو اور کوئی بھی علاج کارگر نہ ہوتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل شفاء بخش ہے۔

اس مقصد کے لئے چینی کی پلیٹ پر باوضو حالت میں سورۃ انعام کا نقش زعفران و گلاب سے لکھ کر اس کو بارش کے پانی سے دھوئے اور اس پانی سے مریض کو غسل کرایا جائے۔ انشاء اللہ اس موذی مرض سے نجات مل جائے گی۔

# چھوتی مرض سے نجات

اگر کسی بچے کو کسی متعدی مرض کے لاحق ہونے کا خطرہ ہو یا خطرہ کا عارضہ لاحق ہونے کا ڈر ہو تو باوضو حالت میں سُورہ انعام کا نقش نمازِ فجر کے بعد طلوع آفتاب سے پہلے لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دے بفضلِ باری تعالیٰ بچہ متعدی امراض اور خسرہ سے محفوظ رہے گا اور اگر کسی مرض کا حملہ ہو گیا ہو تو انشاء اللہ تعالیٰ بچے کو جلد افاقہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔

# جسمانی درد کے لئے

اگر کسی کے جسم کے کسی بھی حصے میں درد رہتا ہو اور آرام نہ آتا ہو تو ذیل کا عمل مفید ہے۔ اس مقصد کے لئے مریض کے درد والے حصہ کے گرد انگلی سے بسم اللہ شریف پڑھ کر دائرہ لگائے پھر باوضو حالت میں آٹھ مرتبہ سورۃ انعام اول و آخر درود شریف شفاء گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں بفضل تعالیٰ اس عمل سے اسی وقت درد میں افاقہ ہوگا۔

تین دن کے عمل سے درد بالکل ختم ہو کر مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

# درد سے شفا

جسم کے کسی بھی حصہ میں ہونے والی درد سے شفا حاصل کرنے کے لئے سات مرتبہ سُورۃ انعام پڑھے اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور جس مقام پر درد ہے وہاں پر دم کرے۔ بفضلِ باری تعالیٰ سورۃ انعام کی برکت سے آرام آ جائے گا اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ سے نوازے گا۔ تین یوم تک بلا ناغہ یہ عمل کرے اگر تین دن تک آرام نہ آئے تو سات یوم تک برابر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ درد میں افاقہ ہو جائے گا۔

# آدھے سر کا درد

اگر کسی کی نصف سر میں شدید درد ہو اور کسی طرح آرام نہ ہوتا ہو، تو دوسرا



شخص باوضو حالت میں انگوٹھے اور درمیان والی انگلی میں اس کی کنپٹیوں کو زرد سے دباتے ہوئے سورۃ انعام پڑھنا شروع کرے اور پڑھتے ہوئے آہستہ آہستہ دونوں انگلیوں کو ماتھے کے درمیان پیشانی پر ملادے اور سورہ ختم کرے یہ عمل تین مرتبہ کرے اور تین دن تک بلا ناغہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ سورۃ انعام کی برکت سے درد کو آرام آ جائے گا۔

# درد سر کے لئے

ہر طرح کی سر درد میں شافی علاج کے لئے باوضو حالت میں ایک وصاف جگہ پر بیٹھ کر آٹھ مرتبہ سورۃ انعام پڑھے اور سرسوں کے خالص تیل پر دم کرے اس تیل میں سے سر درد کے مریض کو سر میں لگائے اور خوب اچھی طرح مالش کرے اس کے ساتھ ہی تین مرتبہ سورۃ انعام پڑھ کر سر پر دم کرے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے سورۃ انعام کی برکت سے شفائے کاملہ نصیب ہوگی اور سر درد کی شکایت جاتی رہے گی۔

# درد سر سے حفاظت

جس کسی کے سر میں اکثر درد رہتا ہو اور تکلیف پہنچاتا ہو تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے سرسوں کا خالص تیل لے کر اس پر سورۃ انعام پانچ مرتبہ اول و آخر درود شریف شفاء اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس تیل کو سر

درد کے مریض کے سر میں تینمر تبہ دن میں لگائیں اور باوضو حالت میں تین مرتبہ سورۃ انعام اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کریں۔ انشاء اللہ تین دن کے عمل سے سر درد کی شکایت ہمیشہ کے لئے رفع ہو جائے گی اور دوبارہ کبھی بھی نہیں ہو گی۔

## سر میں پانی بھر جانا

سر میں پانی بھر جانے کا مرض انتہائی سنگین مرض ہے جس سے مریض کی موت بھی واقع ہو سکتی ہے جب کہ اس کا علاج کرنا فوری امر اور اشد ضروری ہے۔ اس کے لئے ڈاکٹری علاج کے ساتھ ساتھ ذیل کا عمل فوری التاثیر اور فائدہ بخش ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں مریض کے پاس کھڑے ہو کر مریض کے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے تین مرتبہ سورۃ انعام معہ اول و آخر درود شریف شفاء تین تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ یہ عمل تا شفاء مکمل روانہ جاری رکھیں۔ عمل صبح و شام باقاعدگی سے کریں اس سے مرض میں دن بدن افاقہ ہوتے ہوئے مرض جڑ سے بالکل ختم ہو جائے گا اور مکمل شفایابی حاصل ہو گی۔

## قوت حافظہ کے لئے

جس کسی کا حافظہ کمزور ہو اور اس کی وجہ سے اسے ہر جگہ شرمندگی اٹھانی پڑتی ہو تو اس مقصد کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔



اس مقصد کے لئے بعد از نماز فجر قبلہ رخ بیٹھ کر چینی کی پلیٹ پر سورہ انعام کا نقش لکھ کر اسے پانی سے دھو کر ہر روز نہار منہ پئیں۔ انشاء اللہ چند یوم میں ہی اس عمل کی بدولت قوت حافظہ تیز ہو جائے گی اور پھر کوئی بات نہ بھول سکے گا اور نہ ہی دوسروں کے سامنے شرمسار ہو گا۔

## تیز قوت حافظہ

جس کسی کا دماغ کسی بیماری یا آفت کی وجہ سے کمزور ہو گیا ہو اور دوا دارو سے آرام نہ آ رہا ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از ہر نماز دو مرتبہ سورۃ انعام اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔ باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر چینی کی پلیٹ پر سورۃ انعام بمعہ بسم اللہ شریف کا نقش لکھ کر اس کو پانی سے دھو کر پانی کو کسی بوتل میں محفوظ کر لیں اور دن رات میں سات مرتبہ پانی پی لیا کریں۔ یہ عمل مسلسل بلا ناغہ اکیس روز جاری رکھنے سے دماغی کمزوری دور ہو جائے گی اور پھر کبھی ضعف کی شکایت نہ ہو گی۔

## نسیان کے لئے

جس کسی کو سورۃ انعام ایک پاک برتن میں لکھ کر اور پانی سے دھو کر کا نقش پلاوے اس کا نسیان زائل ہو۔

# نسیان کا مرض

جو کوئی بھول جانے کے مرض میں مبتلا ہو کوئی بھی بات زیادہ دیر یاد نہ رہتی ہو یادداشت ٹھیک طرح کام نہ کرتی ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد کارگر ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز فجر چینی کی پلیٹ میں زعفران وگلاب سے سورۃ انعام کا نقش لکھ کر اس کو پانی سے دھو کر اس پانی کو دن میں کئی مرتبہ وقفے وقفے سے استعمال کریں۔ اکیس یوم کے روزانہ عمل سے انشاء اللہ نسیان کا مرض رفع ہو جائے گا۔ یادداشت بہتر ہو جائے گی اور ہر بات یاد رہے گی۔ شرمندگی سے نجات مل جائے گی۔

# یادداشت تیز ہو

جو شخص مرض نسیان میں مبتلا ہو اس کے لئے ذیل کا عمل مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے اکیس یوم تک بلاناغہ روزانہ باوضو حالت میں دو مرتبہ سورۃ انعام اول وآخر درود شفاء اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے دن میں تین بار وہ پانی استعمال کرائیں۔ انشاء اللہ مرض سے ہمیشہ کے لئے نجات مل جائے گی۔

# بے چینی سے نجات

بعض اوقت طبیعت ایسی بوجھل ہو جاتی ہے کہ بے چینی سی محسوس ہوتی ہے کوئی بھی کام کرنے کو دل نہیں چاہتا اس بے چینی کی کیفیت کو دور کرنے کے لئے



نماز فجر کے بعد اول وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور درمیان میں آٹھ مرتبہ سورۃ انعام پڑھے، انشاء اللہ تعالیٰ اسی وقت بے چینی کی کیفیت ختم ہو جائے گی۔ دل پر بوجھ کی کیفیت دور ہو جائے گی اور طبیعت میں سکون واعتدال کی حالت پیدا ہو جائے گی۔ اس مقصد کے لئے سورۃ انعام کی تلاوت کرنا نہایت آزمودہ اور فوری اثرات کا حامل ہے۔

# غم سے نجات

غم کا ایسا بوجھ جو کسی بھی طرح دور نہ ہوتا ہو اس غم کی وجہ سے کسی بھی کام میں دل نہ لگتا ہو دل کو کسی طرح قرار اور سکون نہ آتا ہو تو چاہیے کہ ہر نماز کے بعد سات مرتبہ سورۂ انعام پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے گڑگڑا کر عاجزی کے ساتھ دعا مانگے زاری کرے اور بارگاہِ الٰہی میں اپنے گناہوں کی معافی طلب کرے انشاء اللہ تعالیٰ غم کا بوجھ چند دنوں میں ہی ہلکا ہو جائے گا دل کو سکون اور چین کی دولت نصیب ہو گی۔

# غم سے چھٹکارا

بعض اوقات غم واندوہ اس قدر انسانی دل پر بڑھ جاتا ہے کہ جس کی کوئی حد نہیں ہوتی اور اس وجہ سے ہر کام سے دل اچاٹ ہو جاتا ہے اور بے کلی کے عالم میں طبیعت آزردہ اور پریشان رہتی ہے۔ اس صورت حال سے نکلنے کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سات مرتبہ سورہ انعام

اور اول و آخر درود شریف اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے ایسے شخص کو پلائیں۔ اس عمل سے فوری افاقہ ہوگا تین دن کے مسلسل عمل سے غم واندوہ کی کیفیات ہمیشہ کے لئے ختم ہو کر طبیعت ہشاش بشاش ہو جائے گی اور ہر کام میں زیادہ دلجمعی سے حصہ لے گا۔

## خوشی و مسرت کے لئے

اگر کوئی بھی یہ چاہتا ہو کہ اس کی زندگی خوشحالی و مسرت سے بھرپور گزرے اور کوئی بھی پریشانی نزدیک نہ آئے تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے چاند کے پہلے اتوار کو سورۃ انعام کا نقش زعفران و گلاب سے لکھ کر اس کو خوشبو لگائے اور اس پر سات مرتبہ سورۃ انعام اول و آخر درود شریف تاج گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اپنے پاس موم جامہ کر کے رکھے۔ جب تک یہ نقش بحفاظت اس کے پاس رہے گا کوئی رنج، دکھ، تکلیف اس کے نزدیک نہ آئے گا اور اس کی زندگی خوشحالی اور مسرت سے بھرپور گزرے گی۔

## بخار سے نجات

اس مقصد کے لئے نماز فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سورۃ انعام دوبار معہ بسم اللہ شریف پڑھ کر دم کرنے سے مریض شفایاب ہو جاتا ہے۔ اور بخار دفعہ ہو جاتا ہے تا مکمل شفاء یہ عمل جاری رکھیں یہ عمل پیر مہر علی شاہ صاحب کا عطیہ ہے۔



## پرانے بخار کے لئے

جس کسی کو بخار ہوتے ہوئے کافی مدت ہوگئی ہو اور بخار ہڈیوں میں جم گیا ہو آرام کسی بھی علاج معالجہ سے نہ آتا ہو تو ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔

اس کے لئے باوضو حالت میں اتوار کے دن سات باریک دھاگے لے کر ان پر سورہ انعام، سورۃ اخلاص، سورہ ہائے معوذتین تین بار پڑھ کر دم کر کے گرہ لگائیں اس طریق سے دھاگے پر سات بار پڑھ کر سات گرہیں لگائیں اور مریض کے گلے میں باندھیں۔ انشاء اللہ بخار رفتہ رفتہ اتر جائے گا اور مریض کو مکمل شفا مل جائے گی۔ بعد از شفاء حسب توفیق خیرات تقسیم کریں۔

## باری بخار کے لئے

اگر کسی کو باری کے بخار کی شکایت ہو بخار روزانہ یا تیسرے دن یا چوتھے دن باری سے چڑھتا ہو تو بخار چڑھنے سے تقریباً گھنٹہ پہلے باوضو حالت میں روئی پاک صاف لے کر اس کے دو چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بنائیں۔ ایک پر دو مرتبہ سورۂ انعام پڑھ کر مریض کے دائیں کان میں روئی کا یہ پھاہا سارک دیں۔ دوسرے پھاہے پر ایک مرتبہ سورۃ انعام پڑھ کر بائیں کان میں رکھیں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بخار جاتا رہے گا اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا اور صحت ہو جائے گی اگر بالفرض ایک بار کے عمل سے بخار نہ جائے تو پھر تین بار تک یہ عمل کریں، انشاء اللہ تعالیٰ بخار کی شکایت رفع ہو جائیگی نہایت آزمودہ عمل ہے۔

# بے خوابی سے نجات

جس کسی کو کسی بھی وجہ سے بے خوابی کا عارضہ ہو گیا ہو اور باوجود دوائی کھانے کے نیند نہ آتی ہو اور اس وجہ سے ہر وقت پریشانی اور بدسکونی طاری رہتی ہو تو ذیل کا عمل انتہائی مفید و کارگر ہے۔

اس مقصد کے لئے رات کو باوضو حالت میں بستر پر چت لیٹ کر اول و آخر درود شریف سات سات مرتبہ درمیان میں سورۃ انعام کی آیت۔ 1 گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر اور اپنے بستر کے چاروں اور پھونک مارے اور بسم اللہ شریف پڑھتا ہوا سو جائے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت انتہائی گہری نیند آئے گی۔ اکیس یوم کے بلاناغہ عمل سے بے خوابی کی شکایت بفضل ایزدی ہمیشہ کے لئے دور ہو جائے گی۔

# ڈراؤنے خواب

اگر کسی کو سوتے ہوئے ڈراؤنے خواب آتے ہوں یا سوتے ہوئے ڈر جاتا ہو اور چونک کر اٹھ بیٹھتا ہو تو وہ رات کو سونے سے پہلے باوضو حالت میں اول و آخر تین تین درود شریف پڑھے اور ایک مرتبہ سورۃ انعام اور سات مرتبہ سورۃ ناس پڑھ کر اپنے اوپر دم کیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسے ڈراؤنے خواب نہیں آئیں گے وہ آرام کی نیند سوئے گا۔ اگر کوئی بچہ اس طرح رات کو سوتے ہوئے ڈر جاتا ہو اور اس کو ڈراؤنے خواب تنگ کرتے ہوں تو اس کو بھی اسی



طرح سونے سے پیشتر دم کر دیا جائے تو وہ سکون سے سویا رہتا ہے اور ڈراؤنے خواب نہیں آتے۔

# آشوب چشم

آشوب چشم کے مرض کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے دوپہر کو زوال کے وقت باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر سورۃ انعام ایک مرتبہ اسم یارحمٰن کو اکتالیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور اس پانی سے آشوب چشم والا آنکھوں میں سات سات مرتبہ سلائی سے پانی سرمہ کی مانند لگائے انشاء اللہ اس عمل سے تین دن میں مکمل شفاء حاصل ہوگی۔

# آنکھوں کے امراض

آنکھوں کے ہر قسم کے امراض کے حملہ سے بچاؤ کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں نماز فجر کی سنت اور فرضوں کے بعد پانچ مرتبہ سورۃ انعام اول و آخر درود شریف شفاء گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر مریض کی آنکھوں میں دم کریں اور اسی کا پانی بھی دم کر کے مریض کو دیں۔ صبح اٹھ کر اور رات کو سوتے وقت آنکھوں کو کسی پاک جگہ پر بیٹھ کر اچھی طرح دھوئے تاکہ سورۃ انعام کی بے حرمتی نہ ہو۔ انشاء اللہ تین دن کے مسلسل عمل سے آنکھیں درست ہو جائیں گی اور اس کی بینائی بھی تیز ہو جائے گی۔

## آنکھوں کا درد

جس کسی کی آنکھیں دکھتی ہوں اور آرام نہ آرہا ہو تو اس کے لئے چاہیے کہ باوضو حالت میں پانچ مرتبہ سورۃ انعام پڑھ کر پانی پر دم کرے اور سلائی پانی میں ڈبو کر دکھتی ہوئی آنکھوں میں سات سات مرتبہ لگائے انشاء اللہ تعالیٰ تین دن کے اندر اندر افاقہ ہوگا آنکھیں ٹھیک ہو جائیں گی۔ درد سے فوری طور پر آرام آجائے گا۔

## دکھتی آنکھوں کے لئے

اگر کسی کی آنکھیں خراب ہو جائیں یا دکھتی ہوں، آنکھوں سے پانی بہتا ہو یا سو کر اٹھے تو آنکھوں کے پپوٹے آپس میں چپک جاتے ہیں تو ایسی صورت میں باوضو حالت میں تین مرتبہ سورۃ انعام پڑھ کر مریض کی آنکھوں پر دم کرے اس کے علاوہ پانی پر بھی دم کرے اس پانی سے مریض اپنی آنکھیں دھوئے تین دن تک بلاناغہ اس عمل سے بفضل باری تعالیٰ آنکھوں کو شفا ہوگی اور آنکھیں ٹھیک ہو جائیں گی۔

## آنکھوں میں پڑبال

اگر کسی آنکھوں میں پڑبال کی شکایت ہو اور آرام نہ آتا ہو تو اس مقصد کے لئے ذیل کا عمل بے حد شافع ہے۔



اس مقصد کے لئے چاند کی چودہ تاریخ کو قبلہ رخ باوضو حالت میں کھڑے ہو کر ایک مرتبہ سورۃ انعام۔ تین مرتبہ سورۃ اخلاص اور اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں کی انگلیوں پر دم کرے اور پھر انگلیوں کو آنکھوں کے اوپر پھیرے تین دن تک بلاناغہ یہ عمل کرنے سے یہ عارضہ جاتا رہے گا اور آنکھیں بالکل ٹھیک ہو جائیں گی۔

## رتوندہ یا شب کوری

جو کوئی شب کوری (رات کا اندھا پن) یا رتوندہ (صبح کو نظر نہ آنا) کے مرض میں مبتلا ہو اور دواؤں سے بھی آرام نہ ملتا ہو تو ایسے میں اس کے علاج کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے سورۃ انعام کو بسم اللہ شریف کی میم کے ساتھ ملا کر الحمد کے ساتھ سات مرتبہ اول و آخر درود شریف شفاء سات سات مرتبہ پڑھ کر سرمہ پر دم کریں اور اس سرمہ کو شب کوری والا رات سوتے وقت اور رتوندھے والا صبح طلوع آفتاب سے پہلے پہلے آنکھوں میں لگائے۔ انشاء اللہ چند یوم کے عمل سے یہ شکایت جاتی رہے گی اور شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔

## نزلہ زکام کے لئے

نزلہ زکام کے علاج کے لئے ذیل کا عمل نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں تین مرتبہ سورۃ انعام اول و آخر تین

تین مرتبہ درود پاک پڑھ کر ناک کو پکڑ کر دم کریں اور ناک کو جھٹک دیں انشاء اللہ تین بار کے عمل سے نزلہ زکام میں کمی ہو جائے گی۔ سات دن کے عمل سے یہ مرض ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے گا۔

## دمہ سے نجات

دمہ کے مریض کے لئے ذیل کا عمل بے حد شفاء بخش ہے۔

اس مقصد کے لئے سورۃ انعام کے نقش باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر چینی کی پلیٹ پر زعفران وگلاب سے لکھ کر پانی سے دھو کر پانی مریض کو دن میں پانچ مرتبہ پلائیں۔ انشاء اللہ مریض کو اِفاقہ شروع ہو جائے گا۔ تا شفاء یہ عمل جاری رکھیں۔

## کینسر یا ناسور سے نجات

کینسر اور ناسور کے مریض کے لئے ذیل کا عمل بے حد شفاء بخش ہے۔

اس مقصد کے لئے صبح کو فجر کی نماز کی سنتوں اور فرضوں کے بعد پانچ مرتبہ سورۃ انعام معہ بسم اللہ شریف کی میم کو الحمد کی لام کے ساتھ ملا کر مل حمد پڑھ کر عرق گاؤزبان پر دم کریں اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ بھی پڑھیں۔

یہ دم شدہ عرق گاؤزبان کینسر اور ناسور کے مریض کو پلائیں۔ اکتالیس روز تک یہ عمل کرنے سے مرض جڑ سے ختم ہو جائے گا اور مریض بفضل ربی مکمل صحتیاب ہو جائے گا۔



## درد کان کے لئے

جس کسی کے کان میں کسی بھی تکلیف کی وجہ سے درد ہوتا ہو اور اس کی شدت کی وجہ سے کسی پل چین نہ آتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل شافی و کافی ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں چینی کی پلیٹ پر زعفران وگلاب سے سورۃ انعام لکھیں اور اسے روغن بلسان سے دھو کر روغن بلسان کو کسی شیشی میں محفوظ کر لیں اس روغن بلسان پر سات مرتبہ سورۃ انعام معہ اول و آخر درود شریف شفاء سات سات بار پڑھ کر دم کریں۔ اس روغن بلسان کے چند قطرے نیم گرم حالت میں کان میں ٹپکائیں انشاء اللہ تین بار کے عمل سے کان کی جملہ تکالیف دور ہو جائیں گی اور بفضل ایزدی مکمل شفاء نصیب ہوگی۔

## زہر کے اثر سے نجات

اگر کسی نے قصداً یا غلطی سے کوئی زہریلی چیز کھالی ہو جس کی وجہ سے حالت غیر ہوگئی ہو تو باوضو حالت میں پانچ مرتبہ سورۃ انعام پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کرے اور مریض کو کھلا دے اس کے علاوہ تین مرتبہ سورۃ انعام پڑھ کر ہر روز مریض کو دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ زہر کا اثر زائل ہو جائے گا اور مریض کو شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔

## کالی کھانسی کے لئے

اگر کسی کو کالی کھانسی کا عارضہ لاحق ہو گیا ہو تو اس میں شافی آرام حاصل

کرنے کے لئے باوضو حالت میں پانچ مرتبہ سورۃ انعام پڑھے اول وآخر پچاس پچاس مرتبہ درود شریف پڑھے اور خالص روغن چنبیلی پر دم کر کے مریض کو دے کہ رات کو سونے سے قبل اس کی مالش کرائے انشاء اللہ تعالیٰ سات یوم کے اندر اندر کھانسی سے آرام آجائے گا۔ اللہ تعالیٰ سورۃ انعام کی برکت سے شفائے کاملہ سے نوازے گا۔

## دانت کی تکلیف

جس کسی کے دانت ہلتے ہوں اور ان میں کیڑا بھی ہو، مسوڑھے پھول گئے ہوں اور سخت تکلیف دیتے ہوں تو اس کے علاج کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بوقت نماز عشاء وتر کی تین رکعت اس طریقے سے ادا کرے۔ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ نصر دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ لہب اور تیسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص ایک ایک مرتبہ پڑھ کر سلام پھیرے اور پھر سورۃ انعام ایک بار اول وآخر درود شریف تین تین بار پڑھے انشاء اللہ اس عمل سے دانتوں کے ہلنے سے نجات مل جائے گی۔ کیڑا نکل جائے گا اور مسوڑھوں سے پیپ نکل جائے گی۔

یہ عمل سات دن مسلسل کرنے سے دانتوں کی تکلیف سے ہمیشہ کے لئے نجات مل جائے گی۔



## درد داڑھ کے لئے

اگر کسی کے داڑھ میں درد ہو تو اس کے دور کرنے کے لئے ذیل کا عمل لازمی ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں لکڑی کی تختی پر پاک ریت بکھیر کر اس پہ لوہے کی پاک صاف کیل لے کر "ابجد ہوز حطی" کے علیحدہ علیحدہ حروف اس کی طرح لکھے۔

ا۔ب۔ج۔د۔ھ۔و۔ز۔ح۔ط۔ی اس کے بعد مریض سے کہیں کہ جس جگہ پر درد ہے اس کو دائیں ہاتھ کی انگشت شہادت اور انگوٹھے سے دانت کو زور سے پکڑے اور دبائے اور ایک مرتبہ سورۃ انعام پڑھیں اور مریض سے پوچھیں کہ درد گیا ہے یا نہیں۔ اس وقت حرف الف پر کیل کا دباؤ ہونا چاہئے۔ اگر مریض کہے نہیں تو پھر حروف ب پر کیل رکھ کر دباؤ ڈالیں اور سورۃ انعام ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں مریض سے پوچھیں درد گیا ہے یا نہیں اگر جواب نہیں میں ہو تو تیسرے حرف پر کیل کو دبا کر ایک مرتبہ سورۃ انعام پڑھ کر دم کریں۔ اس طرح باری باری حروف پر کیل رکھ کر سورۃ انعام پڑھ کر دم کریں۔ کیل کو ہر بار ایک حرف سے اٹھا کر دوسرے حرف پر رکھتے جائیں اور سورۃ انعام ہر بار ایک مرتبہ پڑھ کر مریض کو دم کرتے جائیں۔ انشاء اللہ آخری حروف تک پہنچنے سے پہلے ہی درد کو آرام آجائے گا اور پھر دوبارہ نہیں ہوگا انتہائی مجرب عمل ہے۔

## درد گردن کے لئے

جس کسی کی گردن میں درد ہو اور کسی بھی طرح جاتا نہ ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سفید کاغذ پر سورۃ انعام کا نقش زعفران و گلاب سے لکھ کر اس کو خوشبو لگائیں اور اس پر سورۃ انعام دو بار اول و آخر درود شریف شفاء گیارہ گیارہ بار پڑھ کر دم کریں اور موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں باندھ دیں۔ ساتھ میں چینی کی پلیٹ پر سورۃ انعام کا نقش لکھ کر پانی سے دھو کر پانی بھی سات یوم تک استعمال کروائیں۔

انشاء اللہ اس عمل سے مکمل شفاء حاصل ہوگی۔

## فالج سے نجات

فالج کے مرض میں مبتلا مریضوں کے لئے ذیل کا عمل اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں چینی کی پلیٹ پر سورۃ انعام کا نقش زعفران و گلاب سے لکھیں اور اسے بلسان سے دھو کر اس روغن پر سات مرتبہ سورۃ انعام پڑھ کر دم کریں۔ یہ دم کیا ہوا تیل کسی شیشی میں محفوظ کر لیں۔ اس تیل کی مالش روزانہ فالج زدہ حصہ پر کیا کریں۔ اس عمل کی بدولت بہت جلد مریض صحتیاب ہو جائے گا۔ بعد میں حسب توفیق شیرینی بہ نیاز حضور رسول کریمؐ بچوں میں تقسیم کر دیں۔



## زخم سے نجات

ایسا زخم جو پھوڑے پھنسی کی وجہ سے بن گیا ہو اور کسی طرح ٹھیک نہ ہوتا ہو تو چاہیے کہ اول و آخر درود شریف پڑھے اور تین مرتبہ سورۃ انعام پڑھ کر دم کرے تین دن میں دو مرتبہ صبح اور شام دم کرے بفضلِ باری تعالیٰ چند دنوں میں ہی افاقہ ہوگا اور رفتہ رفتہ زخم مندمل ہونا شروع ہو جائے گا اور مکمل آرام آ جائے گا۔

## خسرہ سے بچاؤ

خسرہ سے بچاؤ کے لئے سورۃ انعام کا نقش مبارک اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے اگر یہ نقش باوضو حالت میں لکھ کر خسرہ والے کے گلے میں تعویذ کی شکل میں ڈال دے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور سورۃ انعام کی برکت سے بہت جلد شفا ہوگی اور اگر مرض کا حملہ ہونے سے پہلے اس تعویذ کو گلے میں ڈال دے تو مرض سے بچاؤ رہے گا اور اگر حملہ ہو بھی گیا تو فوراً آرام آ جائے گا۔

## برص سے نجات

برص کے مرض میں مبتلا شخص مرد یا عورت کے لئے ذیل کا عمل بے حد شفاء بخش ہے۔

اس مقصد کے لئے نماز فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان چار مرتبہ سورۃ انعام بمعہ بسم اللہ شریف معہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی

دم کریں اور مریض کو دن میں تین مرتبہ استعمال کرائیں اور مریض کو دم بھی کریں۔ یہ عمل بلا ناغہ چالیس یوم تک کریں ناغہ کی صورت میں دوبارہ نئے سرے سے عمل شروع کرنا پڑے گا۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت مرض جڑ سے چلا جائے گا اور مریض مکمل صحت یاب ہو جائے گا۔

## درد سینہ کے لئے

جس کسی کے سینے میں درد رہتا ہو اور کسی بھی طرح آرام نہ آتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے صبح کو نماز فجر کی سنتوں اور فرضوں کے بعد پانچ بار سورۃ انعام بمعہ اول و آخر درود شریف شفاء گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر سینے پر دم کریں اور اس کا پانی بنا کر مریض پیئے۔ نیز روغن بادام پر دم کر کے سینے پر ہلکی ہلکی مالش کریں انشاء اللہ اس عمل سے سینے کا درد ہمیشہ کے لئے غائب ہو جائے گا تاشفاء اس عمل کو جاری رکھیں۔

## ہارٹ اٹیک کے لئے

اگر کوئی دل کے عارضہ میں مبتلا ہو اور شفاء کے حصول میں کوشاں ہو تو ایسے مریض کے لئے ذیل کا عمل بے حد شفا بخش ہے۔

اس مقصد کے لئے اول و آخر درود شریف شفاء گیارہ گیارہ مرتبہ اور سورۃ انعام تین مرتبہ مکمل یکسوئی کے ساتھ بعد از نماز فجر اس طرح پڑھے کہ سورۃ انعام شروع کرتے ہی اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کی تکرار اکیس مرتبہ ہر دفعہ کرے اور پھر اپنے دل کے اوپر دم کرے۔ انشاء اللہ سات یوم کے عمل میں ہی دل کی تکلیف سے مکمل شفاء حاصل ہو گی۔

## سینے کی سوزش کے لئے

پیر مہر علی شاہ کا عطیہ یہ عمل ہے اور بہت ہی نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از ہر نماز تین مرتبہ سورۃ انعام، اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھ کر سینے پر دم کرنے سے سینے کی سوزش رفتہ رفتہ دور ہو جاتی ہے یہ عمل تا شفاء مکمل جاری رکھیں۔

## نشہ سے نجات

جو کوئی نشہ ہیروئن میں غرق ہو کر گھر کی پونجی اور اپنی صحت کی بربادی کر رہا ہو اور کسی بھی طریقہ سے باز نہ آتا ہو نہ ہی دوا دارو سے نشہ نہ چھوٹتا ہو عادت اس کی پختہ ہو چکی ہو تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل شافی و کافی ہے۔

اس مقصد کے لئے ہفتے میں تین دن جمعرات، جمعہ اور پیر کو یہ عمل کرنا ہے۔ ان دنوں کی راتوں کو کسی مٹھائی یا پانی پر ذیل کی سورۃ مبارکہ پڑھ کر دم کریں اور اس نشئی کو اس وقت کھلا یا پلا دیں جب اس کا نشہ ٹوٹ چکا ہو اس کے علاوہ سورۃ انعام سات بار اول و آخر درود شریف شفاء سات سات بار پڑھ کر دم بھی اسے کریں۔

سورہ ہائے مبارکہ یہ ہیں۔

سورۃ فاتحہ اکتالیس مرتبہ۔

سورۃ اخلاص اکتالیس مرتبہ۔

سورۃ جمعہ تین مرتبہ۔


سورۃ رحمٰن تین مرتبہ۔


سورۃ مزمل تین مرتبہ۔


درود شریف شفاء اور دو آخر...... اکتالیس اکتالیس مرتبہ۔


انشاء اللہ نوے دن کے عمل سے نشئی نشہ سے ہمیشہ کے لئے متنفر ہو کر تائب ہو جائے گا اور پھر کوئی ترغیب و تحریص اس کو اس بات پر مجبور نہ کر سکے گی اور وہ ہمیشہ کے لئے اس عادت بد سے نجات پا جائے گا۔


☆☆☆



سورۃ ملک سے
مشکلات کا حل



اسم اعظم سے
مشکلات کا حل



اسمائے نبویﷺ سے
مشکلات کا حل



لوح قرآنی سے
مشکلات کا حل


روحانی و جسمانی مسائل کے حل پر مشتمل منفرد و مستند کتاب
دعائے گنج العرش سے
مشکلات کا حل


روزمرہ کے پیچیدہ مسائل کے حل کے لئے تیر بہدف عملیات
سورۃ فاتحہ سے
مشکلات کا حل


روزمرہ کے پیچیدہ مسائل کے حل کے لئے تیر بہدف عملیات
سورۃ یٰس سے
مشکلات کا حل
اقبال احمدنی


روزمرہ کے پیچیدہ مسائل کے حل کے لئے تیر بہدف عملیات
بسم اللہ سے
مشکلات کا حل
اقبال احمدنی


روزمرہ کے پیچیدہ مسائل کے حل کے لئے تیر بہدف عملیات
سورۃ مزمل سے
مشکلات کا حل
اقبال احمدنی